یٰسٓ ۝ والقرآن الحکیم

سورہ یٰسین سے مشکلات کا حل

جسمانی اور روحانی تکالیف کے خاتمے کے لئے

سورۃ یٰسین سے مشکلات کا حل

حافظ خادم حسین

سورۃ یٰسین کا عربی متن

سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰسٓ ﴿١﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ اِنَّكَ
لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤﴾
تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٥﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا
مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٦﴾ لَقَدْ
حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٧﴾
اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا مِنْ

بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَسَوَآءٌ

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا

يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ

وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ج فَبَشِّرْهُ

بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١١﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ

الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ط

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٢﴾ ع

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ

إِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ إِذْ أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ

اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

فَقَالُوْٓا إِنَّآ إِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَآ

أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ أَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ

مِنْ شَيْءٍ ۙ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا

رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَ

مَا عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا إِنَّا

تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ

وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا

طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ أَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ أَنْتُمْ

قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا

الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ

اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا

يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَالِيَ

لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ

الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ

شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ

مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾

قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ

يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ

مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٧﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ

مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا

كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً

وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾ يٰحَسْرَةً

عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا

كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ

اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ

اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا

جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ

الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا

مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا

فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّ

فَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾ لِيَاْكُلُوْا

مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا

يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ

الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَ

مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَاٰيَةٌ

لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ

مُّظْلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ وَالْقَمَرَ

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ

تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَ

كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا

حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَ

اِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى

حِيْنٍ ﴿٤٤﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ

أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿٤٥﴾

وَمَا تَأْتِيهِمْ مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيٰتِ رَبِّهِمْ

إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿٤٦﴾ وَإِذَا قِيلَ

لَهُمْ أَنْفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِينَ

كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ

اللّٰهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلٰلٍ

مُّبِينٍ ﴿٤٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِينَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنْظُرُونَ إِلَّا

صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ

يَخِصِّمُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً

وَلَآ إِلَىٰٓ أَهۡلِهِمۡ يَرۡجِعُونَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ فِي

ٱلصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ ٱلۡأَجۡدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمۡ

يَنسِلُونَ ﴿٥١﴾ قَالُواْ يَٰوَيۡلَنَا مَنۢ بَعَثَنَا

مِن مَّرۡقَدِنَاۜ سکتة هَٰذَا مَا وَعَدَ ٱلرَّحۡمَٰنُ

وَصَدَقَ ٱلۡمُرۡسَلُونَ ﴿٥٢﴾ إِن كَانَتۡ إِلَّا

صَيۡحَةٗ وَٰحِدَةٗ فَإِذَا هُمۡ جَمِيعٞ لَّدَيۡنَا

مُحۡضَرُونَ ﴿٥٣﴾ فَٱلۡيَوۡمَ لَا تُظۡلَمُ نَفۡسٞ

شَيۡـٔٗا وَلَا تُجۡزَوۡنَ إِلَّا مَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ ﴿٥٤﴾

إِنَّ أَصۡحَٰبَ ٱلۡجَنَّةِ ٱلۡيَوۡمَ فِي شُغُلٖ

فَٰكِهُونَ ﴿٥٥﴾ ج هُمۡ وَأَزۡوَٰجُهُمۡ فِي ظِلَٰلٍ عَ

الْاَرَآئِكِ مُتَّكِــُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ

وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ

رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ

اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ هٰذَا

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ

جِبِلًّا كَثِيْرًا اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ

اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا

يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى

اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى

يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى

مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا

يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى

الْخَلْقِ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ

الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا

وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ

يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ

فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ

فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ

يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ

اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَمْ يَرَ

الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ

خَصِيمٌ مُّبِينٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ

خَلْقَهٗ ۖ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِيٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۗ وَهُوَ

بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ۙ ﴿٧٩﴾ الَّذِي جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ

الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوقِدُونَ ﴿٨٠﴾

اَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ

عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۗ بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ

الْعَلِيمُ ﴿٨١﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُولَ

لَهٗ كُنْ فَيَكُونُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِي بِيَدِهٖ

مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾ ع

جس طرح انسانی جسم میں دل سب سے اہم عضو ہے اسی طرح سورہ یاسین قرآن کریم کا دل ہے۔ اس کی حفاظت اور دیکھ بھال انسانی دل سے بھی زیادہ احتیاط اور ذمہ داری کی متقاضی ہے۔

سورہ یاسین سے مشکلات کا حل

حصول ملازمت

اگر کسی شخص کو پوری کوشش کرنے کے باوجود بھی کہیں روزگار نہ مل رہا ہو اور بے روزگاری کے ہاتھوں برا حال ہو تو اس کو چاہئے کہ چاند کے مہینے کی تین تاریخوں یعنی تیرہ' چودہ اور پندرہ کو روزہ رکھے اور نصف شب کے وقت اٹھ کر غسل کرے۔ پاک صاف کپڑے پہن کر نماز تہجد ادا کرے۔ اس کے بعد اکیس بار درود شریف پڑھے پھر سورہ یاسین پڑھنی شروع کر دے۔ جب سلام قولا من رب الرحیم پر پہنچے تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھے اور سورہ تمام کرے۔ اسی طرح تین شب کرے۔

انشاللہ تعالٰی بہت جلد تمام پریشانیوں سے نجات مل جائے گی اور سورہ مبارک کی برکت سے بہت اچھی ملازمت مل جائے گی۔

گریختہ کو واپس لانا

بعض اوقات کچھ بچے خود ہی گھر سے بھاگ جاتے ہیں اور پھر ان کا کوئی پتہ نہیں چلتا کہ وہ کہاں گئے۔ اگر خدانخواستہ کسی کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آ جائے تو وہ رات کے وقت نماز عشا کی ادائیگی کے بعد ایک کوٹھڑی کے اندر تنہا باوضو حالت میں بیٹھے اور سات بار سورہ یاسین پڑھے۔ جب ایک بار سورہ یاسین پڑھ لے تو پاس رکھے ہوئے پانی کے پیالے میں اُپنے دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیاں تر کے مکان کے چاروں جانب چھینٹے مارے۔ چھینٹے اس طرح مارے کہ پہلے مشرق پھر جنوب پھر مغرب اور پھر شمال کی طرف اور اس کے ساتھ ہی تین باریہ آواز لگائے کہ یااللہ فلاں بھاگے ہوئے کو واپس لا۔

انشااللہ تعالٰی اس عمل سے بھاگا ہوا بہت جلد خودبخود واپس آ جائے گا۔

دشمن زیر کرنا

ایسے دشمن کو زیر کرنے کے لیے جو کسی بھی طرح نقصان پہنچانے سے باز نہ آتا ہو اور کسی قیمت پر بھی صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو بعد نماز عشا ایک جگہ پر باوضو حالت میں تنہائی میں بیٹھے اور

عمل کے دوران کوئی اس کے ساتھ گفتگو نہ کرے۔ نہ ہی یہ کسی سے کوئی بات کرے۔

اگر یہ عمل ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ پڑھا جائے تو سونے پر سہاگہ والی بات ہے۔ جلد اثر ہو گا۔ اگر ترک حیوانات نہ کر سکے تو پھر جب تک چلہ مکمل نہ ہو مچھلی، انڈا، گوشت، لہسن اور پیاز وغیرہ نہ کھائے۔ اگر چلہ کے دوران مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو جائے تو پھر بھی چلہ پورا کرے اور اگر چلہ کے درمیان عمل کو چھوڑ دے گا تو عامل کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس لیے چلہ کرنے سے قبل اس بات کا جائزہ اچھی طرح سے لے لے کہ وہ اس بوجھ کو اٹھا سکتا ہے کہ نہیں۔

نماز عشا کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر عمل اس طرح سے شروع کرے کہ اول اکیس بار یہ درود پاک پڑھے۔

اللھم صل علٰی سیدنا محمد رسول القھار یا قھار بحق یا قھار اللھم صل علٰی سیدنا محمد رسول الجبار اس کے بعد تین بار یہ پڑھے۔

اللھم صل علٰی سیدنا محمد ضربت لا الٰہ الا اللّٰہ بر قلب او اللھم صل علٰی سیدنا محمد کرم حضرت ایوب علیھم السلام در بدن او اللھم صل علٰی سیدنا محمد تیغ رجال الغیب در

قتل او اللھم صل علٰی سیدنا محمد آرہ حضرت ذکریا علیہ السلام بر فرق او۔ اللھم صل علٰی سیدنا محمد گرز حضرت امیر حمزہ بر پشت او اللھم صل علٰی سیدنا محمد عصائے حضرت موسٰی علیہ السلام بر سینہ او اللھم صل علٰی سیدنا محمد بحق یا قہار یا قہار یا قہار یا بدوح بدوح یا بدوح

اس کے بعد ایک سو بار یہ پڑھے۔

قسمت علیکم یا فتحائیل آیت لھم الارض المیتہ اقسمت علیکم عزرائیل بحق احیینھا اخرجنا بناتا فمنہ یاکلون اقسمت علیکم یا طاطائیل

اس کے بعد سولہ بار اپنی حاجت بیان کرے پھر جب حاجت بیان کر چکے تو تین بار یہ پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم یاحی یا قیوم یا رؤف یاعطوف مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ سلام قولا من رب الرحیم۔

اس کے بعد سولہ بار یہ پڑھے۔

اللھم سلمنی من آفات الدنیا وفتنتھا حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو علیہ توکلت و ھو رب العرش العظیم۔ لیس کمثلہ شئی ھو السمیع البصیر۔

اس کے بعد تین بار یہ پڑھے۔

سلام سلمنی من عقدۃ الدنیا والاخرہ برحمتک یا ارحم الراحمین اقسمت علیکم یا اسرافیل و ذللنھا لھم فمنھا رکوبھم و منھا یاکلون اقسمت علیکم یا رفتمائیل بحق ولھم فیھا منافع و مشارب افلا یشکرون۔

اس کے بعد ایک بار حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک پڑھے جیسا کہ اس عمل میں درود پاک بتایا گیا ہے۔ درود شریف پڑھنے کے بعد دشمن کا نام معہ اس کی والدہ کا نام لے کر یہ کہے یاالٰہی بحق یابدوح خراب و خستہ ہو الٰہی بحق یاقہار مقہور ہو الٰہی بحق یا جبار جبر کھاوے فلاں بن فلاں یہاں پہ دو بار نام لے اور اس کے بعد دوبارہ وضو کرے اور قبلہ رو بیٹھ کر سورہ یاسین کی بلند آواز سے تلاوت کرے۔ آواز صرف اس قدر بلند ہو کہ خود سن سکے یا پاس بیٹھا ہوا کوئی سن لے۔ بہت زیادہ بلند آواز کرنے کی ضرورت نہیں۔

سورہ یاسین پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرے کہ یا اللہ میرے اس دشمن کو نیکی کی ہدایت فرما یا اسے میرے لیے زیر کر دے تاکہ یہ مجھے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے۔ انشاءاللہ مطلوبہ مقصد میں کامیاب ہو گا۔

برائے محبت

اگر کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنی ہو تو طالب کو چاہئے کہ وہ گندم کے اکتالیس دانے لے کر ہر ایک دانے پر باوضو حالت میں ایک ایک بار سورہ یاسین پڑھے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک بھی پڑھے۔

اس کے بعد مطلوب کے جسم کا بغیر دھلا ہوا کپڑا لے کر یہ پڑھے ہوئے گندم کے دانے اس میں باندھ کر اپنے مکان کے کسی ایسے کونے میں جہاں پر اندھیرا رہتا ہو' زمین میں دفن کر دے۔ اس طرح مطلوب کے دل میں اس کے لیے بے انتہا محبت پیدا ہو جائے گی۔

ہر مشکل کا حل

جب کسی پر کوئی مشکل آ پڑے اور کسی بھی طرح وہ دور نہ ہو تو ایک آدمی یا تین آدمی مل کر باوضو حالت میں دریا کے کنارے پاک صاف حالت میں بیٹھیں اگر دریا نہ ہو تو کسی بڑے برتن میں پانی بھر کر اپنے سامنے رکھ لے اور اول و آخر گیارہ بار درود پاک پڑھے۔ درمیان میں اکتھ مرتبہ سورہ یاسین ایک ہی

جلسہ میں تمام کرے اور یہ تصور کرے کہ حضور نبی کریم ﷺ تشریف رکھتے ہیں۔

پھر نہایت ہی مودبانہ انداز اختیار کرتے ہوئے حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلہ جمیلہ سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں اپنی عرض پیش کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی وہ مشکل ختم ہو جائے گی۔

بری موت سے بچاؤ

ہم کو چاہئے کہ ہر وقت اللہ تعالیٰ سے بری موت کی پناہ مانگیں اور یہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اچھی موت نصیب فرمائے اور ہمارا خاتمہ ایمان پر فرمائے۔ بری موت سے بچاؤ کے لیے ہر روز ایک مرتبہ سورہ یاسین باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے۔ پھر دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یاسین پڑھے۔

اگر مکمل سورہ یاسین یاد نہ ہو تو اس کی کم از کم تین آیات پاک یاد کر کے پڑھے۔ اس عمل کو اپنا معمول بنا لے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس شخص کی موت ایمان پر ہو گی اور اچھے انداز میں ہو گی۔ اگر یہ عمل نماز عشا کے بعد کرے تو اللہ تعالیٰ اسے بہت سی

مصیبتوں سے نجات عطا فرمائے گا۔

تلاش گمشدہ

اگر کسی کا کوئی عزیز گم ہو گیا ہو اس کا کچھ پتہ معلوم نہ ہو رہا ہو تو اس کو چاہئے کہ نماز عشا ادا کرنے کے بعد سات بار سورہ یاسین پڑھے اور گمشدہ کو ذہن میں تصور کرتے ہوئے اس کی طرف غائبانہ دم کرے اور اللہ تعالٰی سے دعا کرے کہ یااللہ، فلاں غائب کو مجھ تک پہنچا دے۔

دعا مانگنے کے بعد سو جائے اور کسی سے بات چیت نہ کرے۔ اس عمل کے ذریعے پہلی رات ہی اسے گمشدہ کا پتہ چل جائے گا۔ اگر پہلی رات پتہ نہ چلے تو سات دن کے اندر اندر گمشدہ کا حال خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کہاں ہے اور کس حالت میں ہے۔

کھانے میں برکت

اگر کسی نے کوئی تقریب منعقد کی ہو اور اچانک مہمان توقع سے بہت زیادہ آ جائیں اور صاحب خانہ کو یہ خطرہ ہو کہ یہ کھانا مہمانوں کے لیے کم پڑ جائے گا تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اسے

چاہئے کہ باوضو حالت میں ایک جگہ بیٹھے اور گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھے۔ درمیان میں تین یا سات بار سورہ یاسین پڑھے اور کھانے پر دم کرے۔

اگر کھانا کم ہو گا اور کھانے والے زیادہ ہوں گے تو اللہ کی رحمت سے اور سورہ یاسین کی برکت سے کھانے میں کمی نہیں ہو گی اور یہی کھانا تمام مہمان سیر ہو کر کھائیں گے۔

آسیب سے حفاظت

اگر کسی کا گزر کسی ایسے راستے سے ہو جہاں آسیب وغیرہ کا خطرہ ہو اور یہ خوف ہو کہ وہ اسے نقصان پہنچائیں گے تو اسے چاہئے کہ باوضو حالت میں سورہ یاسین پڑھے اور اپنا حصار کر لے۔ اس کے بعد اگر راستے میں جائے تو سورہ یاسین پڑھتا ہوا جائے۔

انشااللہ سورہ یاسین کی برکت سے آسیب کے شر سے محفوظ رہے گا۔

دشمن کی ہلاکت

یہ عمل کسی بھی مسلمان کی ہلاکت کے لیے نہیں کرنا چاہئے بلکہ یہ ایسے دشمن کے لیے ہے جس سے مسلمان بہت تنگ آ چکیں

ہوں اور وہ دشمن مسلمانوں کو نقصان پہنچانے سے باز نہ آتا ہو۔ عمل کرنے والے کو چاہیے کہ اکتالیس دن تک روزانہ بلاناغہ جنگل میں یا کسی ویرانے میں خالی مکان کے اندر جس کے پاس ہی ایک کنواں ہو جو ویران ہو اور جس کا پانی نہ نکالا جاتا ہو اور کسی آدمی کا ادھر سے گزر نہ ہوتا ہو تو سورج نکلنے کے وقت باوضو حالت میں اول دو رکعت نماز تحیتہ الوضو پڑھے۔ پھر ایک کوری اینٹ پر اکتالیس بار سورہ یاسین بغیر بسم اللہ پڑھ کر دم کرے۔

اس کے بعد اس اینٹ کو جنازہ تصور کر کے نماز جنازہ پڑھے اور اس اینٹ کو اندھے کنویں میں ڈال دے یا زمین میں دفن کر دے، جس وقت بھی سورہ یاسین پڑھے دشمن کی ہلاکت کا تصور کرے۔

قرض کی ادائیگی

یہ عمل ان لوگوں کے لیے ایک بہت بڑی نعمت ہے جو قرض میں بری طرح پھنس چکے ہوں اور قرض ادا کرنے کی کوئی راہ نہ نکل رہی ہو۔ قرض خواہ کو چاہیے کہ دو رکعت نفل نماز کی نیت کرے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اول سورہ یاسین پڑھے، پھر ایک بار چاروں قل شریف پڑھے۔ اس طرح نفل نماز پوری کر

کے سلام پھیرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔

جب تک قرض ادا نہ ہو اس عمل کو کرتا رہے۔ انشااللہ تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کی صورت پیدا ہو گی۔

جادو سے بچاؤ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ کسی سحر زدہ کے نزدیک جائے اور اسے کوئی نقصان نہ پہنچے تو وہ عود کی خالص لکڑی کا ٹکڑا لے اور باوضو حالت میں تین بار سورہ یاسین پڑھ کر عود کی لکڑی پر اور اپنے آپ پر دم کرے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ یا اللہ' سورہ یاسین کی برکت سے سحر زدہ پر سے سحر کا اثر ختم کر دے۔

اس کے بعد سحر زدہ کے نزدیک جائے گا تو اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا اور اس سحر زدہ کی اس سحر سے خلاصی بھی ہو جائے گی۔

فوت شدہ والدین کی زیارت

جس شخص کے والدین انتقال کر چکے ہوں اور وہ ان کی زیارت کرنا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لیے نماز عشا کی ادائیگی کے بعد قبلہ رو بیٹھ جائے اور سات بار سورہ یاسین پڑھ کر اس کا ثواب اپنے والدین کو پہنچائے۔ پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے اور

کسی سے بات نہ کرے۔ تصور میں اپنے والدین کو رکھے۔

سورہ مبارکہ کی برکت سے اسی رات خواب میں ماں باپ کی زیارت سے مستفید ہو گا۔

برائے جدائی

اگر دو اس قسم کے شخص مل جائیں جن کی برائی سے اللہ کی مخلوق تنگ آ جائے اور ان کی وجہ سے پریشان ہو تو ان دونوں کو جدا کرنے کے لیے مٹی کا ایک ایسا کورا برتن لیں کہ جس کو پانی نہ لگا ہو۔ باوضو حالت میں ایک جگہ پر بیٹھ جائیں اور اکتالیس بار سورہ یاسین پڑھ کر دم کریں۔ آخر میں دونوں کے نام معہ ان کی والدہ کے نام لیں اور برتن پر دم کریں۔

جب بھی سورہ ختم کرنے کے بعد برتن پر دم کریں، ان دونوں کی جدائی کا تصور ضرور کریں۔ تعداد پوری کر کے برتن کو ان دونوں کے درمیان لے جا کر اس زور سے زمین پر ماریں کہ برتن ٹوٹ جائے۔ انشاءاللہ دونوں کے درمیان جدائی ہو جائے گی اور مخلوق کو نقصان پہنچانے سے بھی یہ دونوں باز آ جائیں گے۔

اگر کسی خطرناک مہم پر جانے کا ارادہ ہو تو ایسی صورت میں بدھ کے دن جبکہ رات جمعرات کی ہو، مسجد کے حجرے میں یا مسجد کے ایک کونے میں اعتکاف کی نیت سے بیٹھ جائے۔ سات روز اعتکاف کی نیت کرے۔ ہر روز نماز عشا کے بعد اول و آخر اکیس اکیس بار درود پاک پڑھے اور اکتالیس بار سورہ یاسین پڑھے۔ ہر مبین پر ایک بار سورہ فاتحہ پڑھے۔ سات دن تک اس عمل کو کرے۔

اعتکاف ختم کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے اس مہم کے بارے میں دعا مانگے۔ انشاءاللہ تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔

تسخیر عوام

لوگوں میں خود کو مقبول و محترم بنانے کے لیے نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں پاک صاف کپڑے پہن کر گوشہ تنہائی میں بیٹھ جائے۔ یہ عمل پیر کے دن سے شروع کرے۔ عمل کرتے وقت صرف دریا کا پانی ضرورت کے وقت اپنے استعمال میں لائے۔ اگر دریا نزدیک نہ ہو تو کسی نہر یا کنویں کا پانی استعمال کر لے۔

چالیس یوم تک کا یہ عمل ہے۔ اس دوران جس قدر بھی کپڑے استعمال ہوں وہ بھی دریا کے پانی سے تین مرتبہ پاک کیے

ہوئے ہوں۔ اس کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور نہایت توجہ کے ساتھ سات سات مرتبہ سورہ یاسین پڑھے۔ اس دوران کسی سے بات چیت نہ کرے۔

جب یہ عمل شروع کرے تو پہلے دن سورہ یاسین پڑھنے سے قبل ایک بار سورہ روم بھی پڑھے اور جب ختم کرے یعنی چالیسواں دن ہو تو اس دن ایک بار پھر سورہ روم پڑھے مگر روزانہ اول و آخر اکیس اکیس بار درود شریف پڑھے۔

گناہ صغیرہ کبیرہ سے بھی بچنے کی کوشش کرے۔ نماز پنجگانہ بھی ادا کرے۔ عمل شروع کرنے سے تین یوم پیشتر ہی انڈا، گوشت، مچھلی، تیل، اور پیاز لہسن وغیرہ یعنی ہر بدبو دار غذا سے پرہیز لازمی ہے۔

چالیس یوم کے بعد جس جگہ جانا چاہتا ہے، اگر دوسرے شہر یا آبادی میں جائے تو جانے سے قبل ایک بار سورہ یاسین پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی کامیابی کے لیے دعا مانگے اور چاروں طرف دم کرے۔ روانہ ہو، انشاءاللہ جس سے بھی سامنا ہو گا وہ مطیع ہو گا اور عزت کرے گا۔

اگر کسی جگہ کسی بیماری کے پھیلنے کا خطرہ ہو یا بیماری پھیل گئی ہو تو خود کو اس سے محفوظ رکھنے کے لیے اول و آخر سات بار درود شریف پڑھے۔ درمیان میں سورہ یاسین اس طرح پڑھے کہ جب سلام قولا من رب الرحیم پر پہنچے تو اس آیت مبارک کو ۱۴۰۰ مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کرے۔ اس کے بعد سورہ ختم کرے اور پھر اللہ تعالٰی سے وبا سے محفوظ رہنے کے لیے دعا مانگے۔
یہ پانی جس کو بھی تھوڑا سا پلا دیا جائے گا وہ اس بیماری سے محفوظ رہے گا۔

برائے حب

کسی کو اپنی جائز محبت میں مبتلا کرنا ہو تو اس کو چاہیے کہ سات دانے بادام کی گریاں میٹھی لے کر باوضو حالت میں نماز عشا کے بعد بیٹھے اور ان تمام پر ایک ایک بار سورہ یاسین پڑھ کر دم کرے اور آخر میں طالب اور اس کی ماں کا نام اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے کر دم کرے اور یہ گریاں کسی بھی طرح مطلوب کو کسی چیز میں ملا کر کھلا دے۔ اس عمل کی برکت سے مطلوب طالب کی محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔

برائے یادداشت

جس شخص کو بھولنے کی عادت ہو اسے چاہیے کہ چینی کی پلیٹ میں مشک و زعفران سے سورہ یاسین لکھے اور اس پلیٹ کو سامنے رکھ کر دس بار سورہ یاسین پڑھے اور دم کرے۔ پھر بارش کے پانی سے پلیٹ دھو کر پی لے۔ اس عمل سے انشااللہ حافظہ کو تقویت حاصل ہوگی۔

محبت والدین حاصل کرنا

اگر ماں باپ کسی وجہ سے ناراض ہو جائیں اور کسی بھی طرح راضی نہ ہو رہے ہوں تو ان کو منانے اور ان کی محبت حاصل کرنے کے لیے رات کو بارہ بجے اپنی چارپائی سے اس طرح اٹھے کہ کسی کو خبر نہ ہو۔ وضو کرے اور کسی ولی اللہ کی قبر مبارک کے پاس کھڑا ہو کر ایک بار سورہ یاسین پڑھے اور ماں باپ کی رہائش کی جگہ کی طرف منہ کر کے دم کرے۔ پھر دعا کرے اور ولی اللہ کی وساطت سے اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کی کامیابی کے لیے دعا مانگے۔

اسی طرح چار یوم تک پھر سات دن تک اس عمل کو کرے۔ سات دن کے عمل کے دوران ہر روز ایک چھوٹا سا کنکر جو باجرہ

کے دانہ کے برابر ہو' اس پر دم کر کے حفاظت سے رکھ لے۔ ہر روز ایک کنکر پر دم کرے۔

ساتویں دن اور چار دن پہلے کے' گیارہ دن بعد ساتوں کنکر جو ناراض ہو اس کے پیچھے سے اس کے سر پر سامنے کی طرف اس طرح سے پھینکے کہ اس کو پتہ نہ چلے۔ اگر خود نہیں پھینک سکتا تو کسی دوسرے سے پھنکوا دے۔ اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے ماں باپ کی ناراضگی دور ہو جائے گی۔

اس عمل میں شرط صرف یہ ہے کہ کسی کو عمل کا پتہ نہ چلے۔ پتہ چلنے کی صورت میں عمل ضائع ہو جائے گا۔

مفرور کی واپسی

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کو واپس لانا ہو تو اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں سات بار سورہ یاسین پڑھ کر نئے تالے پر دم کر کے بند کرے اور اسی وقت پانی میں ڈال دے۔

جس وقت سورہ یاسین پڑھے' اس وقت بھاگے ہوئے کا تصور ذہن میں رکھے اور یہ خیال پورے یقین سے کرے کہ سورہ یاسین کی برکت سے بھاگا ہوا جس جگہ پر بھی ہو گا وہاں سے واپس اپنے گھر آ جائے گا۔

رزق میں اضافہ

ہر روز نماز عشا کے بعد تین بار سورہ یاسین اس طرح پڑھے کہ اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھے۔ سورہ مبارکہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور میں رزق کی فراوانی کے لیے التجا کرے۔

اس عمل کو روزانہ کا معمول بنا لے گا تو اس کی برکت سے چند دنوں میں ہی مالدار ہو جائے گا اور رزق کی تنگی دور ہو جائے گی۔

بدکاری باندھنا

اگر کوئی شخص کسی بھی طرح سے برے کاموں سے باز نہ آئے تو پرانی قبر کی تھوڑی سی مٹی لا کر اس پر باوضو ہو کر بارہ مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر دم کرے اور کسی میوہ دار درخت کے نیچے دفن کر دے۔

دفن کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے کہ یا اللہ، فلاں بن فلاں کو بری حرکات سے محفوظ رکھ۔ انشاءاللہ وہ شخص تمام برے کاموں سے باز آ جائے گا۔

حصول رضائے الٰہی

جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے اور اسے اپنی بارگاہ میں مقبول بنا لے تو اس کو چاہئے کہ ہر روز نماز فجر کی ادائیگی کے بعد ایک بار سورہ یاسین پڑھنے کا معمول بنا لے تو اسے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو جائے گی اور اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو جائے گی پھر اس کی جو بھی حاجات ہوں گی وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خود بخود پوری ہوتی رہا کریں گی۔

اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما دے گا اور اس کی نگہبانی کا فریضہ ملائکہ کے سپرد کر دے گا۔ کوئی جن یا انسان اسے کسی طرح سے نقصان نہ پہنچا سکے گا اور وقت نزع اس پر آسان ہو جائے گا۔ اس کی قبر روشن اور فراخ ہو گی۔ قیامت کے روز پل صراط پر سے آسانی سے گزرے گا۔ حوض کوثر سے پانی نصیب ہو گا۔ نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں ملے گا۔

سورہ یاسین میزان کے پلڑے میں بھاری رہتی ہے اور گناہ گار کی سفارش کرتی ہے۔

جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا وہ اولاد نرینہ سے محروم ہو تو اسے چاہئے کہ باوضو ہو کر پاک صاف کپڑے پہن کر قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور ایک شیریں انار اچھی حالت کا لے کر چاقو سے اس کو چار ٹکڑوں میں کاٹے اور پھر اس پر نہایت توجہ اور یکسوئی سے سورہ یاسین پڑھے۔ جب پہلی مبین آئے تو اس پر دم کرے اور سورہ کو دوبارہ شروع سے پڑھنا شروع کر دے۔ دوسری مبین پر پہنچ کر پھر انار پر دم کرے اور اس کے بعد پھر سورہ یاسین دوبارہ شروع سے پڑھے۔ اس طرح ساتوں مبین پر پڑھ کر دم کرے ۔ ساتویں مبین سے آگے جس قدر سورہ باقی رہ جائے' اس کو مکمل کرے اور پھر انار پر دم کرے اور رکھ دے۔

اب بھنے ہوئے چنے اور کشمش خوب اچھی طرح صاف کریں اور دونوں ڈھائی سو گرام وزن میں برابر لیں اور اس پر دعائے فاتحہ پڑھیں اور تمام اولیا اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی ارواح پاک کو ثواب نذر کرنے کے بعد چھوٹے بچوں میں تقسیم کر دیں۔

- اب جس عورت کے لیے یہ عمل کیا گیا ہے اس کو جب حیض کا خون آ جائے اور وہ اس کے بعد غسل کر کے پاک صاف ہو جائے تو انار کھائے اور پھر اپنے خاوند سے ہم صحبت ہو۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے وہ اولاد کی نعمت سے مالا مال ہو جائے

گی۔

لڑائی میں حفاظت

میدان جنگ میں جانے سے پیشتر باوضو حالت میں پاک صاف کپڑے پہن کر سفید کاغذ پر سورہ یاسین لکھے۔ اگر خود نہ لکھ سکے تو کسی پڑھے لکھے سے لکھوا لے اور اس کو تعویذ کی طرح لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھ لے۔ اللہ تعالیٰ اس سورہ مبارکہ کی برکت سے اپنے حفظ و امان میں رکھے گا۔ جو کوئی اس سورہ مبارکہ کو حفظ کر لے اور میدان جنگ میں جاتے ہوئے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے صحیح سلامت گھر واپس آئے گا۔

تسخیر خلائق

اگر کسی شخص کو یہ خواہش ہو کہ وہ خدا کی مخلوق میں ہردلعزیز ہو تو وہ باوضو حالت میں فجر کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں اکیس بار آیت مبارکہ سلام قولاً" من رب الرحیم پڑھے۔ اس کے بعد ایک سفید کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اور بے ادبی نہ

ہونے دے۔

انشاءاللہ مخلوق خدا اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے گی۔

سورہ یاسین میں اسم اعظم

اگر کسی کے نام کے عدد ۱۳۱ ہوں تو وہ ہر نماز کے بعد اپنے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق یاسلام" کا ورد کرے۔ اس عمل کو اپنا معمول بنا لے تو انشاءاللہ تعالیٰ یہ اس کے لیے اسم اعظم کا کام دے۔ جو جائز دعا بھی مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کی بدولت اسے قبول و منظور فرمائے گا۔

مستجاب الدعوات

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ مستجاب الدعوات ہو جائے' اسرار الٰہی اس پر منکشف ہو جائیں' اس کی ہر جائز دعا اللہ کے ہاں مقبولیت کا درجہ حاصل کر لے وہ یہ عمل کرے۔ یہ چالیس یوم کا عمل ہے۔ چونکہ یہ عمل رات کا ہے اس لیے دن کو آرام کرے تاکہ رات کو عمل کے وقت نیند تنگ نہ کرے۔ اس کے بعد کسی ایسی جگہ پر تنہائی کی حالت میں بیٹھے جہاں کسی کی مداخلت نہ ہو۔

جمعرات کی رات کو نماز عشا کے بعد اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھ کر سورہ یاسین پڑھنی شروع کرے۔ پہلی مبین تک پڑھے اور پھر سات مرتبہ الحمد شریف اور بہتر بار یا باسط پڑھے۔ اسی طرح ساتوں مبین تک الحمد شریف اور یا باسط اسی تعداد میں پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی کامیابی کے لیے دعا کرے۔

چالیس یوم تک یہ عمل بلاناغہ کرے۔ اللہ تعالیٰ سے جو مانگے گا' خداوند قدوس اسے اپنی رحمت سے عطا فرمائے گا۔

جن قابو کرنا

مسلمانوں کی یہ خوش قسمتی ہے کہ وہ ذکر الٰہی کر کے خاطر خواہ فوائد حاصل کرتے ہیں اور نعمت العیہ سے مستفید ہوتے ہیں۔ ذیل میں بتایا گیا ہے کہ عمل جنات کو تابع کرنے کے لیے اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے اور اس مقصد کے لیے خوب ہے۔

اس عمل کو کرنے کی شرط یہ ہے کہ اس کو تنہائی میں کیا جائے اور نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ کیا جائے۔ کسی کی مداخلت کا اندیشہ نہ ہو اور نہ ہی کسی کی آواز کان میں آئے۔

جس جگہ پر بیٹھ کر عمل کرے وہ نہایت پاک صاف ہو۔

صندل کی اگر بتی سے فضا کو خوشبودار کیا جائے۔ پاک کپڑے پہنے اور عطر گلاب لگائے۔ اس عمل کو کرنے والے کے لیے نماز پنجگانہ کا پابند ہونا لازم ہے۔ جو نماز پنج گانہ کا پابند نہ ہو گا اس کا عمل اکارت جائے گا اور اسے کوئی فائدہ نہ ہو گا۔ فرائض و واجبات کا پابند ہونا ضروری ہے۔

اس عمل کو کرنے سے پیشتر چاہیے کہ خوب اچھی طرح ذہن کو تیار کر لیا جائے۔ کوشش کرے کہ تہجد' اشراق اور چاشت بھی پڑھے اور عمل کے دنوں میں تو خاص طور پر ان نمازوں کی پابندی کرے۔ چالیس روزے رکھے تاکہ روزوں کی برکات بھی عمل میں شامل ہو جائیں۔

اگر یہ عمل رمضان المبارک میں کرے تو بہت ہی بہتر ہے۔ رمضان کے پورے روزے رکھے' عید کے دن روزہ نہ رکھے۔ انشاءاللہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔ اس عمل کو کرنے کے لیے علیحدہ کپڑے بنوائے اور ان کو عام دنیاوی کاموں کے کرنے کے دوران نہ پہنے۔ یہ لباس صرف عمل کرتے وقت پہنے۔

تنہائی کی جگہ ایسی ہونی چاہیے کہ جہاں ساتھ ہی نہانے دھونے کا بھی انتظام ہو تاکہ وضو و غسل کرنے کے لیے ادھر ادھر نہ جانا پڑے۔ ہر روز غسل کر کے عمل شروع کرے۔ اگر بالفرض

نہانے کا انتظام نزدیک نہ ہو تو پھر جہاں بھی غسل کرے، فوری طور پر لباس تبدیل کر کے تنہائی کے مقام پر چلا جائے۔ اگر عمل کرنے والے کپڑوں کے سوا اور کوئی کپڑا نہ ہو اور مجبوری ہو کہ ہر وقت انہی کپڑوں کو پہنے رکھنا ہے تو پھر چاہیے کہ اپنے کپڑوں کی اچھی طرح حفاظت کرے۔ کوئی بھی ناپاک چھینٹ کپڑوں پر لگنے نہ پائے۔

جس جگہ پڑھنے کے لیے بیٹھے وہاں پر ۳۴۲ دانوں کی تسبیح بنا کر اپنے پاس ہی رکھے۔اس کے علاوہ جو کی روٹی خود اپنے ہاتھ سے پکائے یا کسی نیک مرد سے پکوائے اور اس کے سوا کوئی دوسرا یہ روٹی نہ کھائے۔

مہینے کے شروع میں جو بھی اتوار کا دن آئے۔ خواہ رمضان المبارک کا مہینہ ہو یا کوئی اور مہینہ ہو، رات کے پچھلے پہر اٹھ کر نماز تہجد پڑھے اور پھر تین بار یہ کلمات پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط اللھم لیس فی السمٰوت ذوات ولا فی الارض غمرات ولا فی الجلال مدرت ولا فی البحار قطرات ولا فی العیون لخطات ولا فی النفوس خطرات الا وھی بک ولات و ولک شاھدات و فی الملک متحیرات اسالک بتسخیرک بکل شئی ء" ان توففنی لما یرضیک وانت

المستعان و علیک التکلان ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم و صلی اللہ علی سیدنا محمد و الہ و صحبہ وسلم۔

ترجمہ:

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ اے اللہ! نہیں ہے آسمانوں میں ذوات (ذات کی جمع) اور نہ زمین میں ذرے اور نہ پہاڑوں میں سنگریزے اور نہ سمندروں میں قطرے اور نہ آنکھوں میں دنبالے اور نہ نفسوں میں خطرات مگر وہ تجھ پر دلالت کرنے والے ہیں اور تیرا مشاہدہ کرنے والے ہیں اور تیرے ملک میں متحیر ہیں۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہر چیز کے تسخیر ہونے کے لیے تو مجھے توفیق دے اس کی جو تجھ کو راضی کرے اور تو ہی میرا پروردگار ہے اور تجھ ہی پر میرا بھروسہ ہے اور نہیں طاقت نیکی اور گناہ سے بچنے کی لیکن خدائے بزرگ کی توفیق سے اور اے اللہ! ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر اور ان کی آل و اصحاب پر درود پاک اور سلام نازل فرما۔

حضور نبی کریم ﷺ پر تین مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد چار سو بتیس مرتبہ سلام قولا "من رب الرحیم اور صرف اوپر والی قسم کو ایک ایک مرتبہ صبح نماز فجر، نماز چاشت اور نماز مغرب کے بعد ضرور پڑھ لیا کرے۔ یہ پڑھنا لازم ہے۔

اس بات کو مدنظر رکھے کہ یہ تمام ورد پڑھنے کے دوران بہت ہی اچھے اچھے خواب اور نورانی چہرے دکھائی دیں گے اور جب عمل کرتے ہوئے بیس دن گزر جائیں گے تو ایک موکل حاضر خدمت ہو گا اور اپنی بہت زیادہ ہمدردی کا اظہار کرے گا۔ ہر طرح کا لالچ دینے کی کوشش کرے گا حتیٰ کہ روپے پیسے کا لالچ بھی دے گا مگر عامل کو چاہئے کہ وہ اس کی للچانے والی باتوں کی طرف ذرا بھر توجہ نہ کرے اور اپنے ورد کے پڑھنے میں مزید ذوق و شوق اور یکسوئی کے ساتھ مشغول رہے۔ ہرگز اس کی طرف دھیان نہ دے۔

جب عمل کرتے ہوئے چالیس یوم گزر جائیں گے تو وہ تنہائی کی جگہ جہاں پر بیٹھ کر عمل کر رہا ہے یکدم سفید نورانی قسم کی روشنی سے منور ہو جائے گی اور اس کمرے کی چھت اور دیواروں پر یہی آیت مبارکہ لکھی ہوئی نظر آئے گی' اس لمحے عامل کو مضبوط دل اور ثابت قدمی سے کام لینا چاہئے اور کسی قسم کا خوف اپنے دل میں ہرگز پیدا نہ ہونے دے بلکہ نہایت ذوق و شوق اور یکسوئی کے ساتھ اپنا وظیفہ مکمل کرے۔ ایک نورانی شکل کا انسان گھوڑے پر سوار دکھائی دے گا۔ اس کے آگے پیچھے بہت سی مخلوق بھی نظر آئے گی۔

یہ گھڑ سوار نورانی شکل مسلمان جنات کا بادشاہ ہے جو کہ آتے ہی بڑا خوش ہو کر پہلے السلام علیکم کہے گا' عامل کو چاہئے کہ اس مومن مسلمان کی تعظیم کے لیے کھڑا ہو جائے اور اس کے سلام کا جواب اسی طرح خوشی کا اظہار کرتے ہوئے دے اور کہے وعلیکم السلام۔

اس کے بعد جب جنات کا بادشاہ یہ کہے کہ ہم کو کیوں یاد کیا تو اس وقت اس کے شاہی آداب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے عاجزی سے اپنی ضرورت کا اظہار کرے کہ میں اللہ تعالیٰ کا ایک عاجز بندہ ہوں اور حضور پرنور صاحب لولاک شہنشاہ کونین محمد مصطفیٰ ﷺ کی امت میں سے ہوں اور مجھے بہت سی دینی و دنیوی ضروریات پیش آتی ہیں۔ آپ کی وساطت سے حاجت براری کا امید وار ہوں' مجھے کوئی ایسی نشانی مرحمت فرمائیں کہ جس وقت مجھے ضرورت ہو آپ سے عرض کر کے آپ کی وساطت سے میرے کام مکمل ہو جایا کریں۔

چونکہ وہ جنات کا بادشاہ مومن مسلمان ہے اور اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کا عاشق و مطیع ہے اس لیے کہے گا کہ اے شخص' کبھی جھوٹ نہ بولنا اور کسی سے اس بھید کو ظاہر نہ کرنا اور گناہوں سے بچ کر رہنا۔ ہم تمہیں ایک نشانی دیتے ہیں' جس وقت اس تسبیح کو

تین مرتبہ یا اس آیت کو پڑھو گے' تو تمہاری حاجت کو پورا کر دیا جائے گا۔

اس کے بعد وہ چلے جائیں گے اور عامل کو بھی چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور خلوت خانہ سے باہر آئے۔ کسی میٹھی چیز پر ختم دے کر اس کا ثواب بزرگوں کو پہنچائے اور بچوں میں تقسیم کر دے اور خود ہمیشہ نیکی اور بھلائی کی طرف رغبت کرے۔

دعائے حل المشکلات

کسی بھی طرح کی مشکل ہو اس دعا کی برکت سے وہ ختم ہو جاتی ہے۔ جب بھی کبھی حاجت یا ضرورت ہو تو باوضو حالت میں ایک جگہ پر بیٹھ کر پہلے تین بار درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد سورہ یاسین کو پڑھنا شروع کرے تو یاسین کے کلمے کو سات مرتبہ پڑھے پھر والقرآن الحکیم سے فھم لا یبصرون تک ایک مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ یہ دعا نہایت عاجزی اور انکساری سے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔

اللھم یامن نورہ فی سرہ فی خلقه احفظنی من اعین الناظرین و قلوب الحاسدین الباغین کما حفظت الروح فی الجسد انک علٰی کل شئی ء" قدیر۔

ترجمہ:

اے میرے پروردگار' اے وہ خدا جس کا نور اس کے اسرار غیب میں ہے اور اسرار اس کا اس کی خلق میں یعنی عالم شہود میں ہے مجھے محفوظ رکھ کوتاہ بینوں کی نظروں سے یعنی نظر لگانے سے اور حاسدوں اور باغیوں کے رشک خاطر و سینہ پر کینہ سے جس طرح تو نے روح کی حفاظت کی جسم کے اندر البتہ تو ہی ہر شے پر قادر ہے۔

اس دعا کو پڑھنے کے بعد یہ دو آیات مبارکہ وسواء علیہم سے آخر وجعلنی من المکرمین تک پڑھے اور یہ کلمات یعنی وسواء علیہم پہلے رکوع کے آخر سے دوسرے رکوع میں پندرہویں آیت مبارکہ من المکرمین تک پڑھے اور پھر یہ کہے۔

اللھم اکرمنی بقضاء حوائجی واکرمنی بطاعتک

ترجمہ:

اے میرا اللہ' میرے ساتھ کرم کر میری حاجت روائی میں اور مجھ پر کرم کر اپنی اطاعت کی بجا آوری میں۔

یہ کہنے کے بعد اپنی جو بھی حاجت جو ضرورت ہو اس کو بیان کرے اور پھر چودہ مرتبہ یہ آیات مبارکہ پڑھے۔

وما انزلنا علی قومہ من بعدہ سے ذالک تقدیر العزیز العلیم تک

اس کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اللھم انی اسئلک من فضلک الواسع السابغ ما تغنینی بہ عن جمیع خلقک

یہ دعا پڑھنے کے بعد سولہ مرتبہ ان آیات مبارکہ کو پڑھے۔

والقمر قدرنہ سے سلام" قولا من رب الرحیم تک۔

پھر ذیل میں دیے ہوئے کلمات مبارکہ کو بھی سولہ مرتبہ پڑھے۔

اللھم سلمنی من آفات الدنیا و فتنتھا

ترجمہ:

اے اللہ' مجھے پناہ دے آفتوں سے اور دنیا کے تمام فتنوں سے۔

جب یہ سولہ بار پڑھ چکے تو پھر یہ پڑھے

وامتازو الیوم سے مثلھم بلٰی تک۔

اس کے بعد اپنی جو بھی مشکل یا حاجت ہو وہ بیان کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے یعنی جس مقصد کے لیے دعا کر رہا ہے اس کا ذکر کرے۔ مثلاً" کہے۔

واللہ قادر' --- اے اللہ تو ہر چیز پر قادر ہے پس مجھے علم یا مال و دولت عطا فرما۔

اگر کسی بیماری کی وجہ سے پریشان ہو تو اس بیماری کا نام لے کر اللہ تعالیٰ سے شفا کا طلب گار ہو۔

اگر کسی ظالم کے ظلم سے تنگ ہو تو اس ظالم کا نام لے کر ظلم سے نجات کی دعا مانگے۔

اس کے بعد یعنی جو بھی دعا مانگنی ہو وہ مانگ کر چوتھی مرتبہ اولیس الذی سے لے کر آخر سورہ تک ختم کرے۔

جو حل المشکلات دعا بتائی گئی ہے اس کے بارے میں دعویٰ سے یہ بات کہی جاتی ہے کہ بفضل باری تعالیٰ سورہ یاسین کی برکت سے جو بھی مشکل ہوتی ہے وہ آسان ہو جاتی ہے اور ہر طرح کی حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

بریت مقدمہ

• اگر کوئی بے گناہ کسی مقدمے میں پھنس گیا ہو اور رہائی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو وہ یہ عمل کرے۔ انشااللہ بری ہو جائے گا۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں مہینے کے آغاز میں پہلی جمعرات کو رات کے پچھلے پہر سو کر اٹھے تاکہ خوب اچھی طرح تازہ دم ہو جائے اور دن بھر کی تھکان بھی ختم ہو جائے۔ نہا کر غسل

کرے اور پاک صاف ہو کر نماز کے لیے کھڑا ہو جائے اور نیت کرنے سے پہلے اپنے دل میں یہ خیال کر لے کہ پہلی رکعت صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی نذر کرتا ہوں جب کہ دوسری رکعت اولیاءِ کرام رحمہم اللہ کی نذر کرتا ہوں۔

اس کے بعد دو رکعت نفل نماز قضائے حاجت یعنی جس مقصد کے لیے چاہتا ہے اس کی نیت کرے اور ہاتھ باندھ لے۔ پہلے سبحانک اللھم۔ اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھ کر سورہ فاتحہ پڑھے اور اس کے بعد سورہ یاسین کے پہلے کلمے یاسین کو سات مرتبہ پڑھ کر والقرآن الحکیم سے پہلی مبین تک ایک مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ یا مبین پڑھے پھر شروع سے ابتدا کرے اور ایک مرتبہ سورہ یاسین کو دوسری مبین تک پڑھے اس کے بعد پھر دوسری مرتبہ بھی ایک سو گیارہ مرتبہ یا مبین پڑھے۔ تیسری مرتبہ پھر شروع سے سورہ یاسین پڑھے اور تیسری مبین تک ایک مرتبہ پڑھے اس کے بعد پھر ایک سو گیارہ مرتبہ یا مبین پڑھے۔ اسی طرح ساتوں مبین تک پڑھتے ہوئے پہلی رکعت مکمل کرے اور دوسری رکعت بھی اسی ترتیب سے پڑھ کر مکمل کرے۔ پھر سلام پھیرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور عرض کرے۔

یااللہ ' میری پہلی رکعت کا ثواب صحابہ کرامؓ کی خدمت اقدس میں پیش ہو اور دوسری رکعت کا ثواب اولیاء کرام رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں پیش ہو۔ اے اللہ اپنے ان برگزیدہ بندوں کے طفیل میری پریشانی جلد رفع فرما۔ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

تین جمعرات تک یہ عمل کرے انشاءاللہ اول تو پہلی جمعرات کو ہی مقصد میں کامیابی ہو گی ورنہ تین جمعرات تک تو ضرور اللہ تعالٰی مشکل رفع فرمائے گا۔ مقدمے سے باعزت رہائی نصیب ہو گی۔

اگر کوئی خود یہ عمل نہ کر سکتا ہو تو گھر کا کوئی بھی فرد یا قریبی عزیز یا دوست یا مسلمان بھائی یہ عمل کر کے اپنے بھائی کی پریشانی کو دور کر سکتا ہے۔

موکل قابو کرنا

"سلام قولا من رب الرحیم" کا پہلا کلمہ سلام کا موکل مطیع کرنے کی غرض سے یہ عمل نہایت کارگر ہے۔

اگر کوئی چاہتا ہو کہ اس کا موکل مطیع ہو جائے اور جو کام وہ کہے کر کے لائے اور جب بلائے حاضر ہو جائے تو باوضو حالت میں اس کے اعداد کے مطابق یعنی ۱۳۱ مرتبہ چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز عشا کے بعد ہر روز پڑھنا شروع کرے اور چالیس

یوم تک بلاناغہ توجہ و یکسوئی سے پڑھے۔ انشاللہ اس کا موکل مطیع ہو جائے گا۔ جو بھی جائز کام ہو گا وہ کرے گا۔

تسخیر جنات

جنات سے دوستی کے خواہش مند کو چاہیئے کہ پہلے تو اپنے میں ایسی باتیں پیدا کرے کہ جو ایک نیک انسان میں ہونی چاہئیں یعنی نماز پنجگانہ کا پابند ہو، شریعت مطہرہ پر عمل کرتا ہو اور کوئی بھی کام خلاف شرع نہ کرتا ہو۔ اس لیے کہ جن جب کسی کے تابع ہوتے ہیں تو پھر ان کی آزادی میں فرق آ جاتا ہے اور کوئی بھی جاندار یہ نہیں چاہتا کہ اسے قید میں رکھا جائے یا اس کی آزادی میں دخل اندازی کی جائے۔

جنات کی بات ہی پھر کچھ اور ہے۔ وہ اپنے آپ کو طاقتور اور قوت والا سمجھتے ہیں اور اس بات کو اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں کہ کوئی ان کو تسخیر کرے اور وہ کسی انسان کے مسخر ہو کر رہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی عامل اپنے عمل کے ذریعے کسی جن کو اپنے قابو میں لانا چاہتا ہے تو ان کو پتہ چل جاتا ہے کہ فلاں فلاں انسان ہمیں مسخر کرنا چاہتا ہے اور اپنے قابو میں کرنے کے لیے عمل کر رہا ہے۔ ان میں یہ آوازہ ہوتا ہے کہ فلاں شخص ہمیں قابو میں

انے کے لیے عمل کر رہا ہے۔ تم اس کے عمل سے خلاف نہیں کر سکو گے۔

اگر عامل اللہ تعالٰی اور رسول کریم ﷺ کا مطیع و فرمانبردار ہو گا تو جن اس کے ہر کام میں اس کی مدد کرے گا۔ اگر عامل شریعت کے خلاف کوئی کام کرے گا تو جن کو جب بھی موقع ملے گا اس سے فوری طور پر علیحدگی اختیار کر لے گا اور ہو سکتا ہے کہ وہ کوئی نقصان بھی پہنچائے۔

مسلمان جنات کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ تلاوت قرآن کریم سن کر بہت خوش ہوتے ہیں اور جو کوئی خوش الحانی سے قرات کرے وہ بڑی توجہ اور یکسوئی سے سنتے ہیں اور خوشی محسوس کرتے ہیں۔ خاص طور پر اگر کوئی خوش کن لہجے میں سورہ رحمٰن یا سورہ جن پڑھے اور ذرا بلند آواز سے پڑھے تو جنات سن کر بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں۔ اس لیے عامل کو چاہیے کہ وہ خوش الحان بننے کی کوشش کرے اور تنہائی میں بیٹھ کر قرآن پاک کی تلاوت کیا کرے۔ جب کوئی خلوت میں بیٹھ کر خوش الحانی سے تلاوت کرتا ہے تو جنات بڑے ادب سے حاضر ہو کر سنتے ہیں۔ اگر کوئی خوش الحانی سے قرات نہیں کرتا تو وہ رنجیدہ ہو کر واپس چلے جاتے ہیں۔

جنات کو مسخر کرنے کی غرض سے چاند کے مہینے میں آغاز میں

جب پہلا بدھ کا دن آئے یعنی منگل کا دن گزر جائے اور بدھ کی رات شروع ہو تو بدھ' جمعرات' جمعہ اور ہفتہ کے دن تک چار روزے رکھے' غسل کر کے پاک صاف رہا کرے۔ پاکی پلیدی کا خاص خیال رکھے اور ہر ممکن کوشش کرے کہ کبھی بھی پلید نہ ہو جب کبھی ایسا محسوس ہو تو فوراً" غسل کر لے۔ اس بارے میں ذرا بھی سستی نہ کرے۔ اگر کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔

جنات نقصان پہنچانے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ وہ صرف نیک اور پاک صاف رہنے والوں سے ڈرتے ہیں۔

غسل کے بعد پاکیزہ اور صاف ستھرے کپڑے پہنے اور عطر کی خوشبو لگائے۔ جس جگہ پر بیٹھ کر عمل کرنا ہے وہاں پر اگربتی یا اوبان سلگا کر اس جگہ کی فضا کو خوب اچھی طرح خوشبو دار کرے۔

یہ اہتمام کرنے کے بعد کالی سیاہی کی دوات اور ایک قلم اور تھوڑے سے سفید کاغذ' ایک ٹکڑا موم خالص اور ایک ہزار دانوں پر مشتمل تسبیح اور ڈورا لا کر اپنے پاس رکھے اور پھر ایک ایسا وقت مقرر کرے کہ اس میں فرق نہ آئے اور موکلات کو انتظار نہ کرنا پڑے۔ وقت وہ مقرر کیا جائے جس میں خوب دل جمعی سے عمل کیا جانا اچھا لگے۔

میرے خیال میں سب سے بہتر وقت یہ ہے کہ عشا کی نماز پڑھ کر سو رہے اور پچھلی رات کو سو کر اٹھے اور پھر غسل کرے اور پھر پڑھے۔ اس طرح سو کر اٹھنے سے نیند نہیں آتی اور نہ ہی اونگھ آتی ہے کیونکہ کافی حد تک نیند پوری ہو چکی ہوتی ہے۔ اس وقت جو کچھ بھی پڑھا جائے بڑے ذوق و شوق سے پڑھا جاتا ہے۔ اس وقت کسی دنیاوی کام کاج کی فکر بھی نہیں ہوتی۔ یا پھر فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پڑھنا بہتر ہے۔

اگر رات کو پڑھے تو مٹی کے تیل کی روشنی نہ کرے موم بتی یا گھی کا چراغ جلائے۔ اگر بجلی ہے تو بہتر ہے۔ زیرو کا بلب جلا کر پڑھا جا سکتا ہے۔ پچھلی رات میں اٹھ کر پڑھے تو غسل کرنے کے بعد اول تہجد کی نماز ادا کرے۔

نماز تہجد پڑھنے کے بعد عمل کا آغاز اس طرح سے کرے کہ پہلے اعوذ باللہ ' پھر بسم اللہ پڑھے اور پھر ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھے پھر ایک مرتبہ سورہ دخان پڑھے پھر ایک مرتبہ سورہ سجدہ اور ایک مرتبہ سورہ ملک پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں سجدہ کرے اور دعا مانگے کہ یا اللہ ' میری دلی خواہش اور یہ حاجت پوری فرما دے۔

دعا مانگنے کے بعد فارغ ہو جائے اور اپنے کام کاج میں مصروف ہو جائے۔ چار دن تک ایسا ہی کرے اور چوتھے دن جب یہ ہفتہ کا دن ہو گا اس دن نماز عصر سے پہلے سفید کاغذ کے سات برابر ٹکڑے کرے اور باوضو حالت میں ایک کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

و هو الذی یحیی و یمیت وله اختلاف اللیل و النهار

دوسرے کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

و اذا قضی امراً فانما یقول له کن فیکون

کاغذ کے تیسرے پرچہ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

فسیکفیکهم الله و هو السمیع العلیم

چوتھے کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

ثم اذا دعاکم دعوة من الارض انتم تخرجون

پانچویں کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

فاذا هم من الاجداث الی ربهم ینسلون

چھٹے کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

ونفخ فی الصور فاذا هم من الاجداث الی ربهم ینسلون

ساتویں کاغذ پر یہ آیت مبارکہ لکھے۔

یوم یخرجون من الاجداث سراعاً فسیکفیکهم الله وهو

السمیع العلیم

ان تمام کاغذ کے پرچوں پر لکھنے کے بعد ساتوں پرچے جو ڈورا اپنے پاس پہلے سے رکھا ہوا ہے' اس میں باندھ لیں اور اپنے سر کی پگڑی میں یا ٹوپی میں رکھ لیں۔ اس کے بعد چار رکعت نفل نماز پڑھے۔

یہ نفل نماز اس طرح سے ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورہ یاسین پڑھے۔ پھر دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ سجدہ پڑھے جب کہ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ ملک پڑھے۔ چار رکعت نفل نماز کی ادائیگی کے دوران ہر سجدہ میں تین مرتبہ سبحان ربی الاعلیٰ پڑھنے کے بعد یہ دعا بھی سجدہ کی حالت میں ہی پڑھے۔

سبحان من لبس العز وقال به سبحان من تکلف بالحمد و تکرم به سبحان من احصیٰ کل شئی ء" بعلمه سبحان من لا ینبغی التسبیح الا له سبحان من اذا" اراد شیئا ان یقول له کن فیکون سبحان من اذا اراد شیئا کان وما لم یشاء لم یکن۔ سبحان ذی المن والفضل والنعم سبحان ذی العلم والحلم سبحان ذی الطول والفضل سبحان ذی العرش واللوح والقلم والنور

ترجمہ:

پاکی ہے اس کو جس نے عزت کا لباس پہنا اور اس کے ساتھ فرمایا پاکی ہے اس کو جو حمد کے ساتھ کرم کرتا ہے بزرگ کے ساتھ اس کے پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کو اپنے علم کے ساتھ شمار کیا ہے۔ پاک ہے وہ جس کے سوا کسی کی تسبیح لائق نہیں پاک ہے وہ جب ارادہ کرتا ہے کسی چیز کے پیدا کرنے کا تو اس سے فرماتا ہے' ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔ پاک ہے وہ جس چیز کا ارادہ فرماتا ہے وہ ہوتی ہے اور جس کا ارادہ نہیں کرتا وہ نہیں ہوتی پاک ہے وہ احسان اور فضل اور نعمتوں والا پاک ہے وہ علم اور حکم والا پاک ہے۔

سجدہ کی حالت میں یہ دعا مانگنے کے بعد سجدہ سے سر اٹھائے تو پھر یہ دعا پڑھے۔

اللھم انی اسئلک بمقاعد العز من عرشک و منتھی الرحمتہ من کتابک واسئلک باسمک العظیم الاعظم وبوجھک الکریم الاکرم وبکلمات التامتہ ان تسخرلی عونا من صلحاء الجن یعنینی علی ما ارید من حوائج الدنیا

ترجمہ:

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بطفیل مقاصد عزت

کے تیرے عرش سے اور منتہائے رحمت سے تیری کتاب سے اور مانگتا ہوں تیرے اسم عظیم اور ذات کریم و کرم کے ساتھ اور کلمات تامہ کے ساتھ کہ مسخر کر دے نیک بخت جنات میں سے ایک جن جو میرے دنیوی کاموں میں میری مدد کرے۔

اس طرح چاروں رکعت پوری کرے اور پھر سلام پھیرے۔ نماز پڑھنے سے قبل اس بات کا خاص طور پر خیال رکھے کہ یہ نفل نماز ایسے وقت میں پڑھنی شروع کرے کہ وہ وقت آ جائے کہ صبح سورج نکلنے کو نو گھنٹے گزر جائیں اور دسویں ساعت ستارہ کی آ جائے تو اس وقت آپ کے پاس سات مسلمان جن آئیں گے جو کہ بڑی ہی عاجزی کے ساتھ السلام علیکم کا نذرانہ پیش کریں گے۔

اس وقت آپ نے کسی قسم کی گھبراہٹ کا مظاہرہ نہیں کرنا اور نہ خوف کھانا ہے بلکہ اس کے جواب میں وعلیکم السلام کہنا ہے اور اپنے سر پر ٹوپی یا پگڑی اتار کر اس میں سے کاغذ کے ساتوں پرچے نکال کر ان میں سے ایک پرچہ نکالے اور اس پر لکھی ہوئی آیت مبارکہ بلند آواز سے پڑھے اور ان سے کہے کہ کاغذ کا یہ پرچہ کس کا ہے؟

ان میں سے ایک کہے گا یہ میرا ہے پس اس کا نام پوچھے جب وہ جن اپنا نام بتا دے تو اس کاغذ کے پرچہ پر اس کا نام لکھے

اور پھر اس سے کہے کہ اپنی مہر لاؤ جب وہ اپنی مہر دے تو اس کو موم لگا کر آیت مبارکہ کے نیچے لگائے تاکہ موم خوب اچھی طرح چپک کر موم میں مہر کے حروف آ جائیں۔

اس طرح دوسرے جنوں سے بھی پوچھے اور پرچہ کی لکھی ہوئی آیت مبارکہ پڑھ پڑھ کر ان کے نام پوچھ کر ہر پرچہ پر لکھے اور ان سے مہر لے کر اسی طرح لگائے ۔ اس کے بعد ان سے وعدہ لے کر جب بھی مجھے ضرورت پڑے گی تم کو بلاؤں گا اور تم پر لازم ہو گا کہ تم میری امداد کے لیے حاضر ہو جاؤ۔ جب جنات وعدہ کر لیں تو پھر ان کو خوشی سے رخصت کر دے اور ان تمام پرچوں کو کسی پاک صاف جگہ پر نہایت احتیاط سے رکھ دے تاکہ بوقت ضرورت ان کو کام میں لایا جائے۔

پھر جب بھی کبھی ضرورت ہو تو کسی بھی فرض نماز کی ادائیگی کے بعد جس کاغذ کو نکالنا چاہتا ہے نکالے اور یہ دعا باوضو حالت میں پڑھے۔

اللھم انی اسئلک بمقاعد العز من عرشک و منتھی الرحمتہ من کتابک و اسئلک باسمک العظیم الاعظم وبوجھک الکریم الاکرم و بکلمات التامتہ ان تسخرلی عونا من صلحاء الجن یغنینی علی ما ارید من حوائج الدنیا۔

اس دعا کو جب پڑھے گا تو وہ حاضر ہو جائیں گے اور جو بھی جائز کام کہے گا وہ فوراً کریں گے جہاں جانا چاہے گا اس کو لے جائیں گے۔ اگر عامل برے اور غلط کام یعنی زناکاری وغیرہ کے لیے مدد چاہے گا تو وہ اس کے دشمن بن جائیں گے اور پھر موقع پاتے ہی نقصان پہنچائیں گے۔

اس کے علاوہ ایک بات یہ بھی یاد رکھے کہ ان جنات کی آمد پر اگر عامل ڈر جائے تو اس کی محنت اکارت جائے گی۔ جو چاروں سورتیں اس عمل میں پڑھنے والی بتائی گئی ہیں ان کو ہر جمعرات کے دن ایک مرتبہ ضرور پڑھ لیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی مدد ہر وقت شامل حال رہے گی اور جنات ساری زندگی مطیع رہیں گے۔

قید سے رہائی

اگر کسی قیدی کو ناحق قید کیا گیا ہو تو وہ قید میں ہی ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک مرتبہ سورہ یاسین کا ورد کرے اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رہائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

ہر قسم کے حادثات سے بچے رہنے کے لئے رات کو سونے سے قبل باوضو ہو کر اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر دو مرتبہ سورہ یاسین کا کریں اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اس عمل سے انسان بیشمار حادثات سے محفوظ رہتا ہے۔

مغوی کی برآمدگی

گمشدہ چیز اور اغوا شدہ انسان کو واپس لانے کے لئے باوضو ہو کر دو رکعت نماز حاجت پڑھیں۔ بعد سلام ایک سو گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ پھر سجدے میں سر رکھ کر ایک بار سورہ یاسین کا ورد کریں۔ آخر میں پھر دعا مانگنے سے پہلے ۱۱۱ مرتبہ درود پاک کی تسبیح پڑھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا اغوا شدہ کی بازیابی کے لئے لاثانی عمل ہے۔ چند ہی دنوں میں مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

خلاصی قرض

جس شخص پر بہت زیادہ قرض چڑھ چکا ہو اور وہ قرض ادا کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ۱۰۱ بار یہ کلمات پڑھے۔

سلام قولا من رب رحیم

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کا سامان پیدا ہو جائے گا اور پریشانی جاتی رہے گی۔

دافع پریشانی

اگر کوئی کسی مصیبت یا آفت میں گرفتار ہو جائے تو اسے چاہیے کہ اول تین مرتبہ درود پاک پڑھے پھر یہ کلمات پڑھے۔

"اللہ اللہ ربنا لا نشرک بہ شیئا۔"

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد ایک بار سورہ یاسین اور تین مرتبہ درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مصیبت اور آفت سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

گھبراہٹ سے نجات

اگر کسی شخص پر کوئی کام کرتے وقت گھبراہٹ طاری ہو جاتی ہو تو اسے چاہیے کہ اول تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر ایک بار سورہ یاسین پہلی مبین تک پڑھے۔

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر تین مرتبہ درود پاک کا ورد

کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کسی بھی کام کے کرتے وقت گھبراہٹ طاری نہیں ہو گی۔

گھریلو جھگڑے سے پناہ

اگر کسی کے گھر میں ہر وقت جھگڑا رہتا ہے اور سخت تناؤ کی کیفیت ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر یہ کلمات پڑھے۔

سلام قولا من رب رحیم

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ پھر درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں امن، چین اور سکون کا دور دورہ ہو جائے گا۔ کبھی بھی لڑائی جھگڑے کی نوبت نہیں پیدا ہو گی۔

جنون اور کوڑھ سے نجات

اگر کوئی کوڑھ کے مرض میں مبتلا ہو یا اسے کبھی کبھار دیوانگی کا دورہ پڑ جاتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر تین بار سورہ یاسین اور گیارہ بار یہ کلمات پڑھے۔

"اے میرے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں جسم پہ برص سے"

دیوانگی اور کوڑھ پیپے اور بقایا جتنی خراب بیماریاں ہیں سب سے۔"

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہونا شروع ہو جائے گا اور صحت قائم ہو جائے گی۔

بانجھ پن کا خاتمہ

اگر کسی عورت کو بانجھ پن کا عارضہ لاحق ہو تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر اکیس مرتبہ یا باری المصور پڑھے۔ اس کے بعد ایک بار سورہ یاسین اور گیارہ مرتبہ درود پاک کا ورد کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کی امید بر آئے گی۔ اس کے ہاں اولاد ہو جائے گی اور حمل قرار پائے گا۔ بانجھ پن کے عارضہ کو دور کرنے کے لئے یہ عمل اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔

پیٹ کا درد دور

پیٹ میں درد ہونے کی صورت میں گلاس میں تھوڑا سا پانی لیں۔ پھر اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اس کے بعد سات مرتبہ

"سلام قولا من رب رحیم" پڑھ کر پھر گیارہ مرتبہ درود پاک کا ورد کریں اور اس پانی کو پی لیں۔ انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔

دل کا گھبرانا

اگر کسی کو اختلاج قلب کا عارضہ لاحق ہو تو اسے چاہیے کہ وہ فجر کی اذان کے فوراً" بعد اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر سات مرتبہ یاسین۔یاسین کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔

نااتفاقی نہ رہے

اگر میاں بیوی کی آپس میں نااتفاقی ہو جائے اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کا ماحول رہتا ہو تو ایسی صورت میں اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر ۱۰۰۱ مرتبہ "یا سلام" کا ورد کرے اس کے بعد ایک بار سورہ یاسین اور پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں برکت پیدا ہو جائے گی۔ نااتفاقی کا ماحول ختم ہو جائے گا اور آپس میں پیار محبت کی فضا پیدا ہو جائے گی۔

رشتے کی پریشانی

اگر کسی گھر میں لڑکے لڑکی کی طرف سے رشتے کے مسئلہ پر پریشانی ہو' لڑکے یا لڑکی یا رشتہ نہ ملتا ہو اور لڑکی کی عمر بڑھتی جا رہی ہو۔ ایسی صورت میں لڑکا یا لڑکی ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر ایک مرتبہ سورہ یاسین کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔

جب تک مطلوبہ مقصد حاصل نہ ہو اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتے کی پریشانی دور ہو جائے گی اور کوئی اچھا سا رشتہ مل جائے گا۔

بری عادات سے نجات

اگر کسی شخص میں بری عادات پائی جائیں مثلاً" اس کے ذہن میں ہر وقت لالچ' حسد اور دیگر معاشرتی برائیاں جنم لیتی ہوں اور وہ شخص اپنی ان بری عادات کی وجہ سے سخت پریشانی میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح سے اسے بری عادات سے چھٹکارا حاصل ہو جائے تو ایسی صورت میں اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک مرتبہ سورہ یاسین کا ورد

کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

بسیار نومی

اگر کسی کو بکثرت نیند آتی ہو اور وہ زیادہ تر سویا ہی رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک مرتبہ سورہ یاسین کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اس عمل سے اس کی نیند اعتدال پر آ جائے گی اور ہر وقت نیند آنے کی کیفیت ختم ہو جائے گی۔

سینے کا درد

اگر کسی شخص کو ہر وقت سینے میں درد رہتا ہو اور وہ اس درد کی وجہ سے بہت پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ فجر اور عشاء کی نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر تین مرتبہ سورہ یاسین پڑھے اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی درد سے نجات مل جائے گی اور سینے

کے ورد سے آرام آ جائے گا۔

امراض چشم

اگر کسی کی آنکھوں میں پانی بھر آتا ہو اور لکھنے پڑھنے کے وقت اسے تنگی و مشکل پیش آتی ہو تو ایسی صورت میں اول آخر سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔درمیان میں تین بار سورہ یاسین پڑھے۔

ہر نماز کے بعد اس عمل کو کرنے سے آنکھوں میں پانی آنا بند ہو جاتا ہے اور آنکھیں صاف شفاف ہو جاتی ہیں۔ چند ہی دنوں کے عمل سے مطلوبہ مقصد پورا ہو جاتا ہے۔

صفراوی امراض سے نجات

اگر کسی کو پھوڑا پھنسی کی وجہ سے پریشانی ہو اور جلد کے متاثرہ حصہ پر سخت سوجن اور درد رہتی ہو تو ایسی صورت میں سات دن تک ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک بار سورہ یاسین کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھنسی پھوڑے پر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر ہی پھوڑے پھنسی کے درد

میں آرام آ جائے گا اور سوجن کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

خونی بواسیر

جس کسی کو خونی بواسیر کی شکایت ہو اور کسی طرح سے بھی آرام نہ آ رہا ہو تو ایسی صورت میں ہر روز ایک گلاس پانی پر اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ "یاسین۔ یاسین" کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔

چند ہی دنوں میں خونی بواسیر کا عارضہ جاتا رہے گا اور آرام آ جائے گا۔

جسمانی کمزوری

اگر کوئی شخص کسی بیماری کی وجہ سے جسمانی کمزوری کا شکار ہو گیا ہو یا بیماری سے اٹھنے کے بعد جسم لاغر اور نڈھال ہو چکا ہو اور سخت کمزوری رہتی ہو۔ نقاہت کی وجہ سے چلنا پھرنا محال ہو تو ایسی صورت میں ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک بار سورہ یاسین کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جسمانی کمزوری چند ہی دنوں میں رفع ہو جائے گی۔ جسم میں چستی اور توانائی دوبارہ عود کر آئے گی اور بیماری بھی آہستہ آہستہ کم ہوتی جائے گی۔

اصلاح عیوب

اگر کوئی شخص شراب نوشی میں مبتلا ہو اور زنا جیسی بری عادت کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اول نماز پڑھنے کی عادت ڈالے اور ہر نماز کے بعد پہلے اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر تین بار سورہ یاسین کا ورد کرے اس کے بعد اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ چند دنوں کے عمل سے ہی اسے ان قبیح عادات سے نفرت ہو جائے گی۔

آتشک سے نجات

اگر کوئی آتشک کے مرض میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ دن میں سات مرتبہ اول اکیس بار ورد پاک پڑھے پھر سات بار سورہ یاسین کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس بار درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مرض سے چھٹکارہ حاصل ہو جائے گا۔

برکت دکان

دکان میں خیر و برکت کے حصول کے لئے ہر روز دکان کھولنے کے بعد باوضو حالت میں اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر دو بار سورہ یاسین کا ورد کرے اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور دکان کے چاروں کونوں میں پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دکان میں خیر و برکت پیدا ہو جائے گی۔

کمزوری نظر

اگر کسی کی بینائی کمزور ہو رہی ہو اس کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ایک پیالی میں پانی لے کر اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات بار "مبین مبین" کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور پانی پر دم کر کے اس پانی کو آنکھوں پر ملے انشاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہو جائے گی اور آنکھوں کی روشنی بڑھ جائے گی۔

آنکھ درد

اگر کسی کی آنکھ میں درد ہو جس کی وجہ سے وہ سخت پریشان

ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ۱۰۱ مرتبہ "یاسین" کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آنکھ کے درد میں آرام آ جائے گا۔

کان درد

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو اسے چاہیے کہ وہ سات دن تک فجر کی نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات سو مرتبہ "یاسین" کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتب درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر پھونک مارکر ہاتھوں پر دم کرے اور دم کئے ہوئے ہاتھ اپنے کانوں پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کان کا درد جاتا رہے گا۔

تھکان دور

تمام دن کام کاج کی وجہ سے اگر تھکاوٹ ہو جائے تو رات کو سونے سے پہلے اول سات مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر ۳۳ مرتبہ "یاسین" کا ورد کریں۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے جسم پر پھونک مارے۔

انشاء اللہ تعالٰی تھکاوٹ دور ہو جائے گی اور صبح اٹھتے وقت تھکن محسوس نہ ہو گی۔

درد شقیقہ

اگر کسی کو درد شقیقہ کا عارضہ لاحق ہو تو اسے چاہیے کہ وہ باوضو ہو کر اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک مرتبہ "سلام قولاً من رب رحیم" ان کلمات کی سات بار ادائیگی کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر ماتھے اور سر پر پھیرے، تو انشاء اللہ تعالٰی بہت جلد آرام آ جائے گا۔

تیز بینائی کے لئے

جس شخص کو معلوم ہو کہ اس کی بینائی میں ضعف آتا جا رہا ہے وہ اپنی بینائی کو تیز کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک بار سورہ یاسین پڑھے۔ اس کے بعد کہے۔

"فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید۔"

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے ہاتھوں کے انگوٹھوں پر پھونک مار کر اپنی آنکھوں پر

پھیرے۔

انشاء اللہ تعالٰی بینائی تیز ہو جائے گی اور کبھی نظر کی کمزوری کی شکایت نہ ہو گی۔

آسیب کا علاج

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو اور اس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو کسی دوسرے کو چاہیے کہ وہ باوضو ہو کر اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ سورہ یاسین کا ورد کرے۔

اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور مریض کے بائیں کان میں پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالٰی بہت جلد آرام آ جائے گا۔

بخار سے شفا

اگر کسی شخص کو بہت تیز بخار ہو اور وہ ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو ہو کر اول آخر سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں تین بار سورہ یاسین پڑھے۔

اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے جسم پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالٰی بخار جاتا رہے گا۔

آفت سے نجات

جو شخص نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر سات مرتبہ سورہ یاسین پڑھے۔
اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر روز کے اس عمل سے زندگی میں کبھی کوئی آفت یا مشکل پیش نہ آئے گی۔

گھریلو پریشانیاں

ہر نماز کے بعد گھر میں بیٹھ کر ایک مرتبہ یاسین پڑھنے سے گھر میں امن و سکون کی حالت رہتی ہے اگر گھر میں بیوی یا بچے کسی معاملے میں پریشان کرتے ہوں اور ہر وقت لڑائی جھگڑے کی کیفیت رہتی ہو تو ۱۱ مرتبہ یاسین پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پانی گھر والوں کو پلائیں' گھر کا ماحول ٹھیک ہو جائے گا۔ پریشانی اور تنگی کا معاملہ بھی ختم ہو جائے گا اور گھر کی فضا سازگار ہو جائے گی۔
اس مقصد کے لئے ۱۱ مرتبہ یاسین کا ورد کرنے کے لئے فجر کی نماز کے فوراً" بعد کا وقت انتہائی سعد ہوتا ہے۔

گمشدہ چیز کا ملنا

اگر کسی کی کوئی چیز کھو گئی ہو یا وہ کہیں رکھ کر بھول گیا ہو اور باوجود تلاش کرنے کے نہ مل رہی ہو تو رات کو عشا کی نماز پڑھ کر سونے سے پہلے باوضو ہو کر گیارہ روز تک ۱۱ مرتبہ یاسین پڑھ کر سو جائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں گمشدہ چیز کے بارے میں اشارہ ہو جائے گا۔

راستہ گم کردہ کی رہنمائی

اگر کوئی شخص کسی ایسے ویران مقام پر کھو گیا ہو جہاں پر اسے کوئی راستہ نہ مل رہا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ فجر کی نماز پڑھ کر گیارہ مرتبہ یاسین کا ورد کرے تو اس کی مشکل آسان ہو جائے گی اور پردہ غیب سے اس کی مدد کا سامان پیدا ہو جائے گا۔

افلاس سے نجات

غربت و افلاس کے خاتمہ کے لئے سورہ یاسین کا پڑھنا انتہائی فائدہ مند ہے جو شخص غربت و افلاس کا شکار ہو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز فجر کی نماز کے بعد ایک مرتبہ یاسین پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد تنگ دستی سے نجات حاصل ہو

جائے گی۔ پردہ غیب سے ایسا سامان پیدا ہو گا کہ اس کی مالی پریشانی‘ خوشحالی میں بدل جائے گی۔ گھر کے حالات ٹھیک ہو جائیں گے۔ مال و دولت کی ریل پیل ہو جائے گی لیکن اس مقصد کے لئے بلا ناغہ سورہ یاسین شریف کا ورد کرنا ہی مطلوبہ مقصد کو پورا کرتا ہے۔

افسر مہربان ہو

ملازمت کے دوران اگر کسی بھی طرح کی پریشانی پیش ہو تو اس کے خاتمے کے لئے یاسین کا ورد کرنا پریشانیوں کو رفع کرتا ہے۔ اگر ماتحت کو بلاوجہ تنگ اور پریشان کرتا ہو تو ہر روز دفتر میں جا کر باوضو ہو کر اپنی سیٹ پر بیٹھنے سے پہلے ایک مرتبہ یاسین پڑھ کر اپنے اوپر پھونک ماریں۔

چالیس یوم تک اس عمل کے کرنے سے افسر مہربان ہو جائے گا اور دفتری پریشانیوں سے نجات حاصل ہو گی دفتر کا ماحول سازگار محسوس ہو گا اور جو بھی تنگ کرتا ہو گا آئندہ کبھی تنگ نہ کرے گا۔

جائز انصاف کے حصول کے لئے اور مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یاسین پڑھیں اور پھر تاریخ پر جائیں۔ تاریخ پر عدالت کی طرف جاتے ہوئے دل میں یاسین کا ورد کرتے رہیں اور منصف کے سامنے پیش ہونے پر بھی دل میں یاسین کا وظیفہ جاری رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ انصاف کے حصول میں کامیابی ہو گی اور فیصلہ حسب منشاء ہو گا۔

یاسین کے پڑھتے رہنے سے منصف کی طرف سے بے انصافی اور غلط فیصلہ دیئے جانے کا خدشہ بھی جاتا رہے گا۔

پریشانیوں سے نجات

کاروبار کرنے والے افراد کے لئے ہر روز باوضو ہو کر سورہ یاسین پڑھنا کاروباری مشکلات کو ختم کرتا ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز کاروبار کے مقام یعنی دکان ' کارخانہ وغیرہ میں داخل ہو کر صبح سب سے پہلے یاسین پڑھیں اور پھر کاروباری معاملات کی ابتداء کریں۔

اس سے کاروبار میں ترقی کا سامان پیدا ہو گا اور کاروبار میں برکت پیدا ہو جائے گی۔ پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ گاہک بھیج کر

کاروبار کی ترقی و خیر و برکت کا سامان مہیا کرے گا۔

الزام سے چھٹکارا

اگر کسی پر کوئی جھوٹا الزام لگ جائے اور کوئی بھی خلاصی کا سامان نہ پیدا ہو رہا ہو۔ ہر شخص اسے قصور وار سمجھ رہا ہو تو اس پریشانی سے نجات حاصل کرنے کے لئے فجر کی نماز کے بعد اسی جگہ پر باوضو بیٹھ کر ۱۱ مرتبہ یاسین پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دنوں میں ہی مطلوبہ مقصد حاصل ہو گا اور جھوٹے الزام سے بریت ہو جائے گی۔ جھوٹا الزام لگانے والا شرمندہ اور ذلیل ہو گا۔ جس پر الزام لگا ہو گا اس کی عزت میں اضافہ ہو جائے گا اور اس کی پریشانی و مشکل حل ہو جائے گی۔

خلوص نیت کے ساتھ یاسین کا ورد کرنے سے پہلے تین دنوں میں ہی اچھا نتیجہ نکل آتا ہے۔

اولاد کے لئے

بے اولاد خواتین کے لئے یاسین کا وظیفہ اولاد کے حصول کا باعث بنتا ہے۔

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ جمعہ کی

نماز کے بعد باوضو حالت میں ۱۱ مرتبہ یاسین پڑھے اور پھر انتہائی رقت اور عاجزی کے ساتھ اپنا سر سجدے میں رکھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اولاد کے لئے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مراد بر آئے گی اور اللہ تعالیٰ نیک اور صالح اولاد سے نوازے گا۔

اگر مراد پوری ہونے کی امید پیدا ہو جائے تو اس عمل کو ترک نہ کرے بلکہ جاری رکھے۔

اولاد نرینہ کی پیدائش

جس کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور وہ اولاد نرینہ کی خواہش رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ اپنے مقصد کے حصول کے لئے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یاسین پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اور جب جمعہ کی نماز ادا کرے تو مسجد میں بیٹھ کر ۱۱ مرتبہ یاسین کا ورد کرے اور پھر اولاد نرینہ کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی امید بر آئے گی۔ اللہ تعالیٰ اسے اولاد نرینہ کی نعمت سے نوازے گا۔

سورہ یاسین کی برکت سے اس کے گھر میں اس نعمت کے عطا

ہو جانے سے خوشیوں کا دور دورہ ہو جائے گا۔

ذہنی پریشانی

ذہنی سکون حاصل کرنے کے لئے اور ذہنی پریشانی کے خاتمہ کے لئے نماز عشا کے بعد اسی جگہ پر بیٹھ کر باوضو حالت میں ۱۱ مرتبہ یاسین پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے ذہنی سکون حاصل کرنے کے لئے دعا مانگے تو مطلوبہ مقصد حل ہو جائے گا۔

حصول سکون کے لئے

اس مقصد کے لئے سات یوم تک سورہ یاسین کا وظیفہ مندرجہ بالا طریقے سے کریں اس کے بعد آپ محسوس کریں گے کہ ذہن کو سکون کی دولت حاصل ہو گئی ہے اور ہر قسم کی فکر و پریشانی ذہن سے دور ہو گئی ہے۔

وبا سے حفاظت

اگر کسی مقام پر کوئی اس قسم کی وبا پھیل گئی ہو جس کے علاج میں سخت دشواری اور مشکل پیش ہو یا پھر کسی مقام پر وبا کے پھیل جانے کا خطرہ درپیش ہو تو ایسی صورت میں مسجد میں یا کسی و صاف

مقام پر اکٹھے ہو کر باوضو حالت میں ایک سو ایک مرتبہ یاسین پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے سے وبا کا خطرہ ٹل جاتا ہے اور اگر وباء پھیل چکی ہو تو اس سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ یاسین کی برکت سے اس علاقہ کو ہر قسم کی مہلک وبا سے محفوظ فرما دیتا ہے۔

امراض قلب سے نجات

امراض دل کے لئے یاسین شریف کا پڑھنا اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ دل کے امراض میں مبتلا افراد شفا حاصل کرنے کے لئے گیارہ دن تک نماز فجر کے بعد تین مرتبہ یاسین پڑھیں۔ ہر قسم کے دل کے مرض میں شفا حاصل ہو جائے گی۔

امراض کان

کان میں شائیں شائیں اور شوروغل ہونے کی صورت میں ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ یاسین پڑھیں اور یاسین کے بعد یہ کلمات پڑھنے سے انشاءاللہ افاقہ ہو گا۔

"ذکر اللہ بغیر من ذکرنی۔"

برکت مال

مال و دولت میں برکت اور زیادتی کے خواہش مند اگر اس یاسین کو ہر نماز کے بعد طاق اعداد کے مطابق پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ مال میں برکت پیدا ہو جائے گی۔

امتحان میں کامیابی

ہر قسم کے امتحان یا کسی جائز مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ چالیس دنوں تک یاسین پڑھنے سے مطلوبہ مقصد حل ہو جاتا ہے۔

خاتمہ اثرات جادو

جادو ٹونے کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے چالیس دن تک نماز فجر کے بعد تیرہ مرتبہ یاسین پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ جادو ٹونے کا اثر بہت جلد ختم ہو جائے گا۔

مقدمہ سے بریت

اگر کسی شخص پر کوئی جھوٹا اور ناجائز مقدمہ بن گیا ہو تو اسے

چاہیے کہ جس دن تاریخ ہو نماز تہجد ادا کرنے کے بعد سات مرتبہ یاسین کا ورد کرے اور پھر دعا مانگے۔ اس کے بعد تاریخ پر حاضر ہو انشاء اللہ تعالیٰ جھوٹے مقدمہ سے جلد خلاصی ہو گی۔

قوت حافظہ بڑھے

جو کوئی بھول جانے کے عارضہ میں مبتلا ہو' قوت حافظہ کمزور ہو اور کوئی بات یاد نہ رہتی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز فجر کے بعد اور نماز عشاء کے بعد ہر روز پہلے دو مرتبہ یاسین پڑھے۔ پھر سورہ بقرہ کی دس آیات مبارکہ یعنی آیت الکرسی کی ابتدائی چار آیات خالدون تک اور تین آخری آیات پڑھیں۔ یادداشت بہتر ہو جائے گی۔ بھول جانے کا عارضہ جاتا رہے گا۔

نسیان سے نجات

مرض نسیان کو دور کرنے کے لئے اگر ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ یاسین شریف پڑھ کر پھر "یا رحمٰن یا رحیم" سو مرتبہ پڑھیں' پھر گیارہ مرتبہ یاسین پڑھیں تو اس سے مرض نسیان جاتا رہے گا۔

بے خوابی

جب بے خوابی کا عارضہ ہو' رات کو نیند نہ آتی ہو اور بہت سخت گھبراہٹ محسوس ہوتی ہو' ایسی صورت میں رات کو باوضو ہو کر بستر پر لیٹ کر پہلے ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھیں پھر یہ دعا مانگیں۔

"اعوذ باللہ بکلمات اللہ التامتہ من غضبہ و عتابہ و شر عبادہ و من ھمزات الشیاطین و ان یحضرون۔"

"میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے پورے کلمات کے ساتھ اللہ کے غضب سے اور اس کے عتاب سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیاطین کے کچوکا لگانے سے اور اس بات سے کہ شیاطین حاضر ہوں۔"

اس دعا کے مانگنے کے بعد پھر آنکھیں بند کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سکون سے نیند آئے گی۔

بے چینی سے نجات

اگر کسی قسم کی بے چینی ہو اور دل پر غم کا بوجھ ہو تو ایسی صورت میں تین دن تک ہر نماز کے بعد پہلے ایک مرتبہ یاسین پڑھیں پھر یہ کلمات پڑھیں۔

"لا الہ الا اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ و تبارک اللہ رب العرش العظیم والحمد للہ رب العالمین۔" "نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے جو بڑا بردبار اور بڑے کرم والا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات ہے برکت والا اللہ جو عرش عظیم کا پروردگار ہے اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے۔"

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر ایک مرتبہ یاسین پڑھیں۔ انشاء اللہ بے چینی اور غم کی کیفیت دور ہو جائے گی۔

بواسیر کا خاتمہ

بواسیر کے مرض میں مبتلا افراد اگر ہر روز نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھیں۔ پھر گیارہ مرتبہ "یا مالک یا قدوس" پڑھیں۔ اس کے بعد پھر ایک مرتبہ یاسین پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر کے مرض میں افاقہ ہو گا۔

ہر روز اس عمل کے کرنے سے آئندہ کبھی بواسیر کا عارضہ لاحق نہ ہو گا۔

برص اور جذام کے مرض میں مبتلا افراد ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ سورہ یاسین پڑھیں۔ پھر یہ کلمات پڑھیں۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔"

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ یاسین پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ برص اور جذام کے مرض سے بہت جلد افاقہ ہو جائے گا اور مرض جاتا رہے گا۔

درد سے نجات

ہر قسم کے درد کو رفع کرنے کے لئے جب درد شدت سے ہو رہا ہو تو اس وقت اول ایک مرتبہ یاسین پڑھیں اور درد کے مقام پر انگلی رکھ کر یہ کلمات پڑھیں۔

"بسم اللہ الکبیر اعوذ باللہ العظیم من شر کل عرق نحار و من شر النار۔" سات مرتبہ ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر ایک مرتبہ یاسین پڑھیں۔ دن میں چند مرتبہ اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہو جائے گا۔

ترقی رزق کے لئے

رزق میں ترقی کے لئے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ۱۱۹ مرتبہ "یا لطیف" پڑھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ یاسین کی پہلی سات آیات پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کا سبب پیدا فرمائے گا۔

فراوانی رزق

رزق میں زیادتی و فراوانی کے لئے نماز فجر کے بعد اول ایک مرتبہ یاسین پڑھیں پھر سو مرتبہ اللہ الصمد پڑھیں۔ اس کے بعد پھر ایک مرتبہ یاسین پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراوانی ہو جائے گی۔

دشمنوں سے حفاظت

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے فجر کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد اول تین مرتبہ سورہ یاسین پڑھیں پھر یہ کلمات پڑھیں۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نصر من اللہ و فتح قریب"

یہ کلمات سو مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر پانچ مرتبہ سورہ یاسین

پڑھیں اور اپنے سینہ پر پھونک ماریں انشاء اللہ دشمنوں کے شر سے حفاظت رہے گی۔

ملازمت میں ترقی پانا

جب کسی حقدار کو اس کے جائز حق کے باوجود بھی ملازمت میں ترقی نہ مل رہی ہو تو وہ ذیل میں دیا ہوا عمل کرے۔ انشااللہ چند دنوں میں اسے اس کا حق مل جائے گا۔

چاند کے مہینے کی تیرہویں' چودھویں اور پندرہویں کو نماز فجر کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور بسم اللہ کو الحمد کے لام سے ملا کر اس طرح سے اکتالیس مرتبہ پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیملحمد للہ رب العالمین

اکتالیس مرتبہ پڑھنے کے بعد چالیس مرتبہ سورہ یاسین تین دن میں پڑھ کر مکمل کرے اور پھر اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا مانگے' انشااللہ تعالیٰ اسے اپنے مقصد میں کامیابی ہو گی۔

سکون قلب

جو شخص سکون قلب کا طالب ہو اسے چاہئے کہ وہ سورہ یاسین کی آیت مبارکہ سلام قولا من رب رحیم بکثرت پڑھتا

رہے۔

انشاللہ دین و دنیا میں کامیابی حاصل ہو گی۔ تمام ارضی و سماوی آفات سے محفوظ رہے گا۔

اگر اس آیت مبارک کو اس کی تعداو کے مطابق یعنی ۸۱۸ بار روزانہ پڑھ لیا کرے تو ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ سکون کی دولت سے مالا مال فرمائے گا۔

اگر کسی ایسی جگہ پر جائے گا جہاں سے اسے خوف و دہشت ہوتی ہو تو اس آیت مبارکہ کی برکت سے اسے کوئی ڈر محسوس نہ ہو گا۔

چور پکڑنا

چور پکڑنے کا یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔ اگر کسی کی کوئی چیز چوری ہو گئی ہے اور اسے کسی پر شک ہو کہ اسی نے اس کی چیز چرائی ہے مگر واضح طور پر اسے نہ کہہ سکتا ہو تو چور پکڑنے کے لیے یہ بہترین عمل ہے۔

اس عمل کے ذریعے ایک مرتبہ جس کا نام نکل ائے اس کو چور سمجھ لینا چاہئے' بار بار عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔

اس مقصد کے لیے سب سے پہلے جن اشخاص پر چوری کا شبہ

ہے چاہے وہ مرد ہوں یا عورت' ان سب کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ کی پرچیوں پر لکھ کر الگ تہہ کر لیں۔ اب مٹی کا ایک لوٹا لے کر دو آدمی آمنے سامنے بیٹھ جائیں۔ پرچیاں الگ الگ تہہ کی ہوئی ہوں۔ آپس میں اس طرح سے ملا دیں کہ معلوم نہ ہو سکے کس پرچی پر کس کا نام لکھا ہوا ہے۔ اس کے بعد ایک پرچی لوٹے کی ٹونٹی میں رکھیں یا لوٹے میں ڈال دیں۔ جو دو آدمی آمنے سامنے بیٹھے ہوں وہ اس مٹی کے لوٹے کے کنارے کو اپنے اپنے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی پھیلا کر سیدھے رکھیں تاکہ لوٹے کے کنارے سیدھی انگلی پر اچھی طرح سے پھر جائیں۔ ان دونوں آدمیوں میں سے ایک شخص سورہ یاسین آہستہ پڑھے مگر نہایت خشوع و خضوع اور توجہ سے پڑھے۔ انشاءاللہ جب من المکرمین تک پڑھے گا تو اگر پہلی ہی پرچی پر لوٹا گھوم جائے تو سمجھ لے کہ وہی چور ہے جس کا نام پرچی پر لکھا ہوا ہے' اگر لوٹا نہ پھرے تو پھر اس پرچی کو نکال دے اور دوسری پرچی لوٹے میں رکھے اور دوبارہ سے سورہ یاسین پڑھے۔ اسی طرح جس کے نام پر لوٹا گھوم جائے اس پرچی کو کھول کر صرف اس شخص کو دکھائے کہ جس کی چیز چوری ہوئی ہے۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ عیبوں پر پردہ ڈالتا ہے اور پردہ پوشی کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ دوسروں کو

پرچی نہ دکھائے۔

قیدی کی رہائی

جب کسی بے گناہ کو قید کی سزا ہو جائے اور اس کی رہائی کی کوئی تدبیر نہ کامیاب ہو تو یہ عمل کرے۔

باوضو حالت میں سات مرتبہ سورہ یاسین پڑھے اور اس کے ساتھ ہی ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھنے کے بعد ذیل میں دی گئی دعا بھی پڑھے' یعنی سات مرتبہ سورہ یاسین پڑھے اور سات مرتبہ ہی اس دعا کو پڑھے۔ گیارہ' اکیس یا اکتالیس دن تک پڑھے۔ انشاءاللہ ان ایام میں ضرور قیدی کی قید سے رہائی ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے۔

ایھا الجماعت المسخرون المطیعون لھذه السورة المبارکته بحق انبیاء اللّٰہ تعالٰی و اولیا بحق خالقکم اجعلوا کلمتی ساریته و قولی مسموعا مقبولا واکفونی مھماتی وامددنی و اعینونی فی الامور کلھا الکلیته و الجزئیته بحق انه من سلیمان وانه بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم۔ الوحا العجل الساعته

ترجمہ:

اے جماعت! تابع اور مطیع اس سورہ مبارکہ کے اور بحق انبیا کرام' اولیاء اللہ کے اور بحق اپنے خالق ہونے کے میرے کلمات کو

جاری فرماؤ اور میری بات سنو اور میری مہمات میں میری کفالت کرو اور میرے تمام اچھے کاموں میں میری امداد و اعانت کرو۔ وہ نوشتہ جو حضرت سلیمان علیہ السلام کی جانب سے ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، بہت جلدی اور اسی گھڑی اور اسی ساعت میں پوری ہو۔

ہر مشکل کے لئے

مندرجہ بالا عمل سے قیدی کی باعزت رہائی کے علاوہ اگر کسی بھی قسم کی کوئی پریشانی ہو وہ دور ہو جاتی ہے۔ اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو تو غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ غرض ہر مشکل کے حل کے لیے یہ عمل بہترین ہے۔

حل المشکلات

- سورہ یاسین ایسی بابرکت سورہ ہے کہ اسے جس جائز مقصد کے لیے بھی پڑھا جائے اللہ تعالیٰ اسے اس سورہ مبارکہ کی برکت سے پورا فرما دیتا ہے۔

ہر طرح کی پریشانی، مشکل یا حاجت کے لیے باوضو حالت میں

نماز عشا کے بعد ایک مرتبہ بسم اللہ سات مرتبہ یاسین اور ایک مرتبہ والقرآن الحکیم سے لا یبصرون تک پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ یہ پڑھے۔

اللھم یامن نور فی سرہ فی خلقہ اخفنی عن اعین الناظرین۔ و قلوب الحاسدین والباغین کما حفظت الروح فی الجسد انک علی کل شئی ءقدیر

یہ کلمات مبارکہ پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ و سواء علیھم سے من المکرمین تک پڑھے پھر تین مرتبہ یہ پڑھے۔

اللھم اکرمنی بقضاء حوائجی

پھر سات مرتبہ یہ پڑھے۔

واکرمنی بطاعتک

اس کے بعد اپنی جو بھی حاجت ہے اس کا نام لے کر ایک مرتبہ وما انزلنا سے العزیز العلیم تک پڑھے۔ پھر چودہ مرتبہ یہ پڑھے۔

یارب سھل ولا تسھل علینا یارب

اس کے بعد ایک مرتبہ والقمر قدرناہ سے یخلق مثلھم تک پڑھے اور پھر انیس مرتبہ یہ پڑھے۔

سلام قولا من رب رحیم

یہ پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ وامتازوالیوم ے یخلق مثلھم تک پڑھے۔ اس کے بعد پڑھے

بلٰی قادر علٰی ان تفعل لی اور اپنی حاجت بیان کرے' اس کے بعد تیرہ مرتبہ اولیس الذی ے الیہ ترجعون تک پڑھے۔

پھر ایک مرتبہ یاسمیع یاعلیم یا حلیم یاعلی یا عظیم اسمع دعائی بخصائص لطفکہ آمین۔ آمین۔ آمین۔

ہر روز نماز عشا کے بعد سات یوم تک اسی طرح پڑھے۔ انشااللہ کیسی بھی پریشانی کیوں نہ ہو رفع ہو جائے گی۔ اللہ تعالٰی مشکل آسان فرما دے گا۔

تسخیر خلق

تسخیر خلق کے لیے سورہ یاسین کا کلمہ مبارکہ سلام قولا من رب رحیم نہایت موثر ہے۔

جو کوئی آدمی یہ چاہتا ہو کہ مخلوق خدا میں اس کی عزت ہو' جن و انس اس کے مطیع ہوں۔ ان کو مسخر کرنے کی قوت اس میں آ جائے تو وہ باوضو حالت میں نماز عشا کے بعد سلام کے ۱۳۱ اعداد کے مطابق نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ورد کرے۔ اس کے بعد

یا رحمٰن یا عزیز کا ورد ۲۹۲ مرتبہ کرے۔

جس شخص کا نام گرامی محمد ہو' اس کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ کے اسم مبارک محمد ﷺ کے ۹۲ عدد ہیں لہٰذا ۹۲ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جن و انس مسخر ہوں گے۔

درد بھیھڑا کا علاج

بھیپھڑے کا درد بہت ناقابل برداشت ہوتا ہے اور مریض جان کنی کے عالم میں ہوتا ہے۔ اس درد کے شافی علاج کے لیے سورہ یاسین کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر پاک و صاف کاغذ پر لکھیں اور تعویذ کی شکل میں مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اس کے ساتھ ہی گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاءاللہ سات روز کے اندر اللہ تعالیٰ شفا کاملہ عطا فرمائے گا۔

یاسین ○ والقرآن الحکیم ○ انک لمن المرسلین ○ علیٰ صراط مستقیم ○ تنزیل العزیز الرحیم ○ لتنذر قوما ما انذر آباء ھم فھم غفلون ○ لقد حق القول علیٰ اکثرھم فھم لا یومنون ○ انما تنذر من اتبع الذکر و خشی الرحمٰن بالغیب فبشرہ بمغفرۃ و اجر کریم ○ انا نحن نحی الموتٰی و نکتب ما

قدموا آثارھم و کل شئی ء احصینہ فی امام مبین

بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر گھر کا کوئی فرد گھر سے بھاگ جائے اور اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں گیا ہے اور مذکورہ فرد خود واپس نہ آئے تو اس کو واپس لانے کے لیے نماز عشا یا نماز اشراق کی ادائیگی کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دو رکعت نماز نفل خالصتاً" رضائے الٰہی کی غرض سے پڑھے پھر جس طرف مفرور کے جانے کا غالب گمان قوی ہو اس طرف منہ کر کے کسی کنویں کے اندر پاؤں لٹکا کر سات بار سورہ یاسین پڑھے اور ہر مرتبہ جب سورہ یاسین پڑھ لے تو ایک برتن میں سرکہ ڈال کر جو پہلے سے اپنے پاس رکھا ہوا ہو' اس سرکہ پر دم کر کے اپنے دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیاں سرکہ میں تر کر کے سات مرتبہ چھینٹے اس طرف لگائے جس طرف مفرور کے جانے کا قوی گمان ہو۔ ہر مرتبہ جب سورہ یاسین مکمل پڑھ لے تو ایسا ہی کرے۔

انشاللہ سورہ یاسین کی برکت سے ایک ہفتہ کے اندر اندر مفرور واپس آ جائے گا یا اپنی آمد سے آگاہ کرے گا۔

سخت مزاجی ختم کرنا

بعض شخص طبیعت کے بہت سخت ہوتے ہیں اور نہ چاہتے ہوئے بھی ہر ایک سے سخت مزاجی سے پیش آتے ہیں حالانکہ وہ دل سے یہ چاہتے ہیں کہ ان کا ورشت پن ختم ہو جائے۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر مشک و زعفران سے "یاسین والقرآن الحکیم انک لمن المرسلین" تک لکھے اور پانی سے دھو کر ہر روز پی لیا کریں۔

چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاءاللہ سورہ یاسین کی برکت سے اس کی سخت مزاجی جاتی رہے گی اور اس کے دل میں نرمی پیدا ہو جائے گی۔

اس کے علاوہ اگر کوئی ہر نماز کے بعد ہر روز ایک مرتبہ پڑھ لے تو بھی اس کے لیے فائدہ مند ہے۔

برائے صلح و دوستی

بعض اوقات دو بہترین دوستوں میں بھی رنجش پیدا ہو جاتی ہے اور آپس میں بول چال تک بند ہو جاتی ہے۔ اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ ان دونوں کے مابین پھر سے دوستی کا رشتہ بحال ہو جائے اور دونوں میں پہلے سے بھی زیادہ خلوص اور محبت ہو جائے تو اسے

چاہیئے کہ دو بادام کی گریاں لے کر اس پر باوضو حالت میں سات مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر دم کرے اور دونوں کو کھلا دے۔

اللہ کے فضل و کرم سے دونوں میں پھر سے ایسی دوستی پیدا ہو جائے گی کہ مثالی ہو گی۔

کلی حاجات کے لیے

حدیث شریف میں ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سورہ یاسین قرآن پاک کا دل ہے اور آیت مبارکہ سلام قولا من رب رحیم سورہ یاسین کا دل ہے۔

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ میری ہر جائز حاجت پوری ہو تو اس کو چاہیئے کہ ایک دن رات میں تازہ وضو کرے۔ ستر بار سورہ یاسین پڑھے اور اس کی زکوۃ بھی ستر بار ہے۔ جب سات مرتبہ پڑھ لے تو پانی پر دم کر کے وہ پانی پی لے۔

اب وہ اس کا عامل ہو جائے گا اور اس کا کوئی عمل خطا نہ کرے گا اور بہت ہی زیادہ فائدہ ہو گا مگر ہر روز نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ سورہ یاسین ضرور پڑھ لیا کرے اور اس عمل پر ہمیشہ قائم رہے۔

زیادتی رزق کے لئے

رزق میں زیادتی کے لیے تین بار سورہ یاسین پڑھ کر دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے رزق میں بے پناہ برکت پیدا ہو گی۔

بخشش و مغفرت کے لئے

اگر کسی کا کوئی عزیز یا ماں باپ انتقال کر جائیں اور وہ ان کی بخشش کے لیے کچھ کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ باوضو حالت میں تین مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر اس کا ثواب ان کو بخش دے۔
اس عمل سے اللہ تعالیٰ مردہ کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے اور اپنے پیارے محبوب پاک ﷺ کے اسم مبارک یاسین کی برکت سے مردے کے عذاب کو معاف فرما دیتا ہے۔

بواسیر کا علاج

بواسیر چاہے خونی ہو یا بادی دونوں سے شفایاب ہونے کے لیے آخری چہار شنبہ کے دن چاندی کا ایک چھلا بنوا کر ایک پیالی میں تھوڑا سا پانی لیں اور باوضو حالت میں سات مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس چھلہ کو آگ میں گرم کر کے اس پانی

میں بجھا دے اور پھر اسی دن دائیں ہاتھ کی انگلی میں بواسیر کا مریض چھلہ پہن لے۔

چھلہ کا وزن چار ماشے سے زیادہ نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بواسیر کے مرض سے نجات مل جائے گی۔

عزیز خلائق ہونا

اگر کسی شخص کو یہ خواہش ہو کہ لوگ اس کی عزت کریں اور وہ لوگوں میں محترم سمجھا جائے تو وہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد مشک و زعفران سے ایک سفید کاغذ پر سورہ یاسین لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھ لے۔

انشااللہ سب کی نظروں میں مکرم و معزز ہو جائے گا۔ نقش کی پاکی پلیدی کا خاص خیال رکھے اور بے ادبی نہ ہونے دے۔

حاجت روا عمل مجرب

اگر کسی جائز حاجت کے پورا ہونے میں مشکلات حائل ہوں تو اس کو پورا کرنے کے لیے ترک حیوانات جلالی و جمالی کی پابندی کرے۔

چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھے۔ اگلے دن مغرب کی نماز کے بعد پھر اسی طرح پڑھے۔ ہر روز ایک مرتبہ سورہ مبارک پڑھتا رہے حتیٰ کہ چالیس دن ہو جائیں تو چالیس بار سورہ یاسین کی پڑھائی ہو جائے گی۔ اس کے بعد اگلے روز اتالیس بار پڑھے۔ اس طرح ہر روز ایک بار کم کرتا جائے۔ جس دن ایک بار پر آ جائے گا پھر اس کی ہمیشگی اختیار کر لے۔

انشااللہ ایک چلہ کے اندر جائز حاجت ضرور پوری ہو جائے گی۔

حفاظت از احتلام

عام طور پر جب کوئی جوانی کی حدود میں داخل ہوتا ہے تو اسے سونے کی حالت میں خواب میں احتلام ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات تو اس کی شکایت بہت بڑھ جاتی ہے جس کے باعث اکثر نوجوانوں کی صحت خراب ہو جاتی ہے۔

جب کسی طرح آرام نہ آئے تو جسے احتلام ہوتا ہو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز سونے سے پہلے باوضو حالت میں ایک مرتبہ

سورہ یاسین پڑھ کر سویا کرے۔ انشاءاللہ اس موذی بیماری سے جان چھوٹ جائے گی۔

نسیان دور کرنا

اس بیماری میں حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ کوئی بات بھی یاد نہیں رہتی۔ یہ ایک ایسا عارضہ ہے جس میں مبتلا ہونے والا بعض اوقات لوگوں میں بہت شرمندگی اٹھاتا ہے۔

مرض نسیان کو دور کرنے کے لیے ایک شافی علاج یہ ہے کہ سورہ یاسین کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر زعفران ملے عرق گلاب سے لکھیں اور آب زمزم سے دھو کر شہد ملائیں اور مریض کو ہر روز پلائیں۔ بہت جلد شفا ہو گی۔ آیات یہ ہیں۔

انا نحن نحی الموتٰی و نکتب ما قدموا و آثارھم و کل شیء احصینٰہ فی امام مبین

مالدار ہونا

اگر کوئی شخص کوشش کے باوجود اپنی غریبی اور مفلسی کو ختم نہ کر سکے تو وہ اس مقصد کے لیے شعبان المبارک کی پندرہویں

تاریخ کو آدھی رات کے بعد اٹھ کر وضو کرے اور پاک صاف کپڑے پہن کر قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائے۔

اب تین مرتبہ سورہ یاسین پڑھے جب پہلی مرتبہ پڑھے تو یہ نیت کرے کہ میری عمر میں اضافہ ہو۔ دوسری مرتبہ پڑھتے وقت یہ نیت کرے کہ مجھ سے بیماری اور مصیبت دور رہے اور تیسری مرتبہ پڑھے تو اس نیت کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ غیب سے میری مالی مدد فرمائے اور مال و دولت سے نوازے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ تینوں دعائیں بہت جلد بارگاہ الٰہی میں قبول ہوں گی۔ جب تین مرتبہ سورہ یاسین پڑھ چکے تو پھر دس مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

"اے اللہ۔ تیرا وجود ہی تجھ پر میرے واسطے دلالت کرتا ہے اور تیرا احسان ہی میرے واسطے قریب کرتا ہے۔ تجھ پر کچھ مخفی نہیں ہے اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس چیز کا جو تجھ پر دشوار نہیں ہے۔ اس لیے کہ جاننا تیرا میرے حال کو کافی ہے میرے سوال سے اسے کھول دے اندوہ غمگینوں کو کشائش دے۔ مجھ کو اس امر کی جس میں میں مبتلا ہوں۔ نہیں ہے کوئی الوہیت کے لائق سوائے تیرے پاک ہے تو اور منزہ ہے۔ بے شک میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔ تیرا فرمان ہے کہ ہم نے اس کی دعا قبول کی

ہے اور ہم نے اس کو غم سے نجات دی ہے اور اسی طرح ہم تمام مومنوں کو نجات دیتے ہیں۔ اے میرے پروردگار اور اے صاحب جلالت' تجھ پر کوئی احسان نہیں رکھ سکتا ہے' اے صاحب جلالت و کرامت' اے صاحبِ قدرت و نعمت' نہیں ہے کوئی الٰہی مگر سوائے تیرے کہ تو پشت پناہ التجا کرنے والوں کا ہے اور تو اپنے نزدیک جگہ دینے والا ہے ان لوگوں کو جو تیری نزدیکی چاہتے ہیں اور تو جائے پناہ ہے خوف زدوں کا اور تو ہی گنجینہ ہے طلب گاروں کا۔ اے میرے پروردگار اگر تو نے اپنے یہاں ام الکتاب یعنی لوح محفوظ میں مجھ کو محروم یا اندوہ یا تنگ روزی والا لکھا ہے تو اے میرے پروردگار تو اپنے فضل و کرم سے مٹا دے میری شقاوت اور میری محرومی اور میری راندگی اور میری تنگی رزق کو اور مجھے اپنے یہاں لوح محفوظ میں سعید یعنی نیک بخت لکھ دے اور روزی یافتہ اور میں توفیق یافتہ امور خیر کا۔ پس تحقیق وعدہ فرمایا ہے تو نے اور وعدہ تیرا سچا ہے کہ تو نے ہی فرمایا ہے اور فرمانا تیرا برحق ہے جو نازل کیا اپنی کتاب میں زبان پر یعنی نبی مرسل ﷺ کے ثبت کرتا ہے لکھ دیتا ہے حالانکہ اس کے پاس ام الکتاب ہے' اے میرے پروردگار' میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تجلی اس تجلی نور اعظم کے جو آدھی رات مہینے شعبان میں جلوہ گر ہے اور جس میں تمام امور

حکیم و محکم نشر کیے جاتے ہیں۔ مبرم ختم ہوتے ہیں سوال میرا یہ ہے کہ تو مجھ سے کھول لے یعنی دفع کر دے ان بلاؤں کو جس کو تو خوب جانتا ہے اور بے شبہ تو بہت بڑا غالب ہے اور درود وسلام نازل فرما ہمارے سردار آقا نامدار حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پاک اور اصحاب پر۔"

عمل حاجت روا

کوئی بھی ایسی جائز حاجت جو کسی بھی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو اپنے اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں بیس مرتبہ سورہ یاسین پڑھے اور شکر پر دم کر کے ہر روز نماز فجر کے بعد یہ دم کی ہوئی شکر تھوڑی سی مقدار میں چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈال دیا کرے۔ گیارہ روز تک بلاناغہ اس شکر کو چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالے۔ اللہ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں حاجت روائی ہو جائے گی۔

رزق از غیب

جو کوئی تنگدست ہو اور یہ خواہش کرے کہ اسے اللہ تعالیٰ

غیب سے روزی عطا فرمائے تو وہ پہلے تو نماز پنجگانہ کی پابندی کرے۔ اکتالیس یوم تک پاک و جائز کھانا کھائے۔ مشکوک لقمے سے مکمل طور پر پرہیز کرے۔ اس کے بعد چاند کے مہینے کے عروج میں جمعہ کی رات سے وظیفہ اس طرح شروع کرے کہ پہلے دن ستارہ وقت کا بخور جلائے' آدھی رات کو بعد نماز عشا گیارہ سو مرتبہ سلام قولا من رب رحیم انتہائی توجہ و یکسوئی سے پڑھے۔ اول اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اکتالیس یوم تک مسلسل اس وظیفہ کو جاری رکھے۔ درمیان میں کوئی ناغہ نہ کرے۔ وظیفہ کے دوران ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ بغیر نمک کے روٹی نہ کھائے اس کے علاوہ اور کچھ نہ کھائے۔ البتہ میوہ جات یعنی فروٹ وغیرہ کھانے کی اجازت ہے۔

اکتالیس دن کے بعد پردہ غیب سے ہر روز روزی کا سامان مہیا ہو جایا کرے گا۔ اس کو تین دن تک خیرات کرے اور پھر چوتھے روز سے اپنے کام میں لائے۔

اس عمل کی زکوۃ سے کوئی آگاہ نہ ہو اور نہ ہی کسی کو کچھ بتایا جائے کہ آمدنی کہاں سے آ رہی ہے۔ اگر کسی کو پتہ چل گیا یا کسی کو اس بارے میں بتا دیا جائے تو پھر آمدنی بند ہو جائے گی۔ گائے کے گوشت' مچھلی اور انڈے سے ہمیشہ کے لیے پرہیز کرے۔

برائے نکاح

اگر کوئی کسی عورت سے شادی کرنا چاہتا ہو مگر وہ عورت کسی غلط فہمی کی بنا پر یہ رشتہ قبول کرنے سے انکاری ہو جب کہ مرد بذات خود نیک اور شریف آدمی ہو تو اس کو چاہئے کہ مٹھائی یا کسی بھی میٹھی چیز پر باوضو حالت میں سات دن تک ہر روز سات بار سورہ یاسین اور ایک بار سورہ والشمس اور سات بار عم یتساءلون پڑھ کر دم کرے اور دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ نیک کام میں مدد فرمائے اور اپنا اور اپنی والدہ کا نام لے' مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور دم کر کے اس عورت کو کھلا دے۔

انشاءاللہ تعالیٰ وہ عورت شادی پر راضی ہو جائے گی۔

حفاظت آفات و بلیات

آفات و بلیات سے محفوظ رہنے کے لیے جب نئے مہینے کا چاند نکلے تو پہلی رات کا چاند دیکھنے کے بعد دعا مانگے اور پھر باوضو حالت میں ہی ایک بار سورہ یاسین پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور ایک بار یہ دعا مانگے۔

اللھم اھلہ علینا بالامن والایمان والاسلام والتوفیق لما تحب و

ترضٰی ربی و ربہ

اللہ کے فضل و کرم سے پورے مہینے میں آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اور کسی قسم کی مصیبت میں مبتلا نہ ہو گا۔ ہر ماہ کا چاند دیکھ کر ایسا ہی کرے۔

فالج سے شفا

فالج اور لقوہ میں مبتلا مریض کو شفایاب کرنے کی غرض سے چند اشخاص جو نیک اور صاحب کردار ہوں باوضو حالت میں پاک صاف جگہ پر بیٹھیں اور اول و آخر ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھیں اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ یاسین' سورہ مزمل اور اکتالیس مرتبہ سورہ جمعہ پڑھیں اور خالص عرق گلاب پر دم کر کے مریض کو جو وہ دوا استعمال کر رہا ہے اس میں خوب اچھی طرح ملا کر مریض کو وہ دوا پلا دیں۔ اس کے علاوہ اس کے تمام جسم پر جہاں مرض کے اثرات ہوں' مالش کرے۔

سات یوم تک ایسا ہی کرے۔ انشاء اللہ تعالٰی سات یوم میں شفائے کاملہ نصیب ہو گی اور مرض جاتا رہے گا۔ مگر ہر روز یہ عمل باقاعدگی سے کیا جائے اور ہر روز تعداد کے مطابق پڑھائی کی جائے اور ہر روز نئے عرق گلاب پر دم کیا جائے۔

ادائیگی قرض

قرض کی ادائیگی کے لیے ہر روز نماز فجر یا نماز عشا کے بعد تین مرتبہ سورہ یاسین پڑھے' اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشااللہ تعالیٰ بہت جلد قرض کی ادائیگی کا سبب پیدا ہو جائے گا۔

ترقی کاروبار

بعض اوقات اچھا بھلا چلتا کاروبار یکدم ٹھپ ہو جاتا ہے۔ ایسا ہو جائے تو جمعہ کے دن دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ اس طرح کہ سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یاسین پڑھے۔ اگر پوری سورہ یاد نہ ہو تو اس کی تین یا تین سے زائد آیات پاک پڑھے۔ جب سلام پھیرے تو دیکھ کر تین مرتبہ سورہ یاسین کی تلاوت کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

چالیس یوم تک جمعہ کے دن سے لے کر بلاناغہ ہر روز اسی طرح کرے۔ انشااللہ تعالیٰ پہلے سے بھی زیادہ کاروبار چلنا شروع ہو جائے گا۔

برکت روزگار

رزق میں برکت کے لیے جو کوئی پہلے سورہ یاسین کی زکوٰۃ دے کر جب بھی پڑھ کر دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں برکت پیدا فرمائے گا اور اس کی روزی فراخ فرما دے گا۔ پردہ غیب سے اس کی مدد فرمائے گا۔

اس مقصد کے لیے چاند کے مہینہ کے عروج میں ترک حیوانات کرے یعنی گوشت، مچھلی، انڈا، لہسن اور پیاز نہ کھائے۔ جھوٹ سے پرہیز کرے اور دوسری تمام برائیوں سے بچنے کی پوری کوشش کرے۔ ہر روز اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ستر مرتبہ سورہ یاسین پڑھے۔ اگر اس قدر نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر اکیس بار پڑھے۔ پڑھتے وقت قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور احرام کی طرح بغیر سلا ہوا کپڑا پہن کر ننگے سر پڑھے۔

اکیس یا چالیس یوم تک روزانہ بلاناغہ پڑھے۔ زکوٰۃ کے بعد ہر روز نماز فجر کے بعد پانچ بار سورہ یاسین پڑھا کرے۔ اگر فجر کی نماز کے بعد پانچ مرتبہ نہ پڑھ سکتا ہو تو ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ پڑھ لے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عجیب کیفیت اس کے مشاہدہ میں آئے گی۔ مخلوق میں سے کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ عامل ہو کر

جب بھی کوئی جائز دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ سورہ یاسین کی برکت سے قبول فرمائے گا۔

قبولیت دعا

اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنے خاص بندوں میں شمار کرے اور اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم فرمائے تو اس مقصد کے لیے وہ اس طرح سے چلہ کرے کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ برے کاموں سے مکمل طور پر پرہیز کرے۔ نیکی کی تلقین کرے۔ فرائض و واجبات کی پابندی کرے۔ نماز تہجد ہمیشہ پڑھنے کی عادت ڈالے۔

عمل کا آغاز اس طرح سے کرے کہ پہلے اکتالیس بار درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد سورہ یاسین پڑھنی شروع کرے۔ جب یاسین کہے تو تین بار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہے اور جب مبین پر پہنچے تو کہے لا مقصود الا اللہ لا موجود الا اللہ لا معبود الا اللہ لا مطلوب الا اللہ اس کے بعد تین بار یہ پڑھے۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین پھر سورہ یاسین شروع سے پڑھے۔ اس مرتبہ درود پاک اور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ پڑھے۔ جب دوسری مبین پر پہنچے تو پہلے کی طرح لا مقصود الا اللہ لا موجود الا

اللہ لا معبود الا اللہ لا مطلوب الا اللہ پڑھے اور تین بار ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھ کر پھر شروع سے سورہ یاسین پڑھے اور اسی طرح ساتویں مبین تک پڑھے اور جب سلام قولا من رب رحیم پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو بھی تین بار پڑھے اس طرح سے سات بار سورہ یاسین ختم کرے۔

اس وظیفہ میں خاص بات جو زیر غور رکھنے والی ہے وہ یہ ہے کہ پڑھتے وقت اپنے آپ پر بوجھ محسوس نہ کرے اور زیادہ ہونے کی وجہ سے گھبرا نہ جائے۔ دلی اطمینان کے ساتھ تعداد پوری کرے۔

وظیفہ کرنے سے پیشتر اپنے آپ کو اس کام کے لیے دلی طور پر تیار کرے تاکہ وظیفہ کے دوران اسے کسی قسم کی اکتاہٹ محسوس نہ ہو اور ہر روز اسی طرح باقاعدگی سے چالیس یوم تک پڑھے اور چلہ تمام کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چلہ کے دوران ہی اپنے آپ میں وہ کیفیت دیکھے گا جو بیان سے باہر ہے۔

اس کے علاوہ وظیفہ کے دوران اس بات کا بھی خاص طور پر خیال رکھے کہ جس مقصد کے لیے چلہ کر رہا ہے اس کا تصور آخر وقت تک قائم رکھے۔ پڑھنے کے دوران اس بات کا خیال دل میں نہ جمائے کہ اب کس قدر تعداد میں پڑھائی باقی رہ گئی ہے۔ اگر بار

بار اس خیال نے پڑھائی کے دوران تنگ کیا اور اس خیال کو دل میں جگہ دے دی تو محنت اکارت جائے گی۔

وظیفہ کرنے والے کو چاہئے کہ پڑھائی کی طرف توجہ دے اور جس مقصد کے لیے چلہ کر رہا ہے اس کا تصور قائم رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چلہ کے دوران یا اختتام تک اپنے مقصد کو پالے گا۔

اگر بالفرض مصلحت خداوندی کے تحت مقصد پورا ہونے میں کچھ دیر ہے اور مطلب حل نہیں ہوتا تو پھر دلجمعی کے ساتھ دوبارہ چلہ شروع کرے۔ اگر اس میں مقصد پورا ہو گیا تو ٹھیک ہے ورنہ تیسرا چلہ کرے۔ تین چلہ تک انشاءاللہ تعالیٰ پروردگار ضرور مہربانی کرے گا اور اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔

بزرگان دین نے تین چلہ کرنے کو احتیاط کے طور پر بتایا ہے ورنہ ایک ہی چلہ میں بفضل باری تعالیٰ مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کی خاطر مسلسل ایک سال تک پڑھے اور درمیان میں کسی دن ناغہ نہ کرے تو اللہ کے حکم سے درجہ ابدالیت پر پہنچ جائے اور اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی کرم و فضل نازل فرمائے گا اور اس کا شمار اپنے خاص بندوں میں فرمائے گا۔

اس کے علاوہ درجہ ابدال پانے کے لیے اگر کوئی ہر روز

بلاناغہ ایک سال تک خالصتاً" رضائے الٰہی کے لیے نماز تہجد کے بعد یا نماز عشا کے بعد صرف ایک بار سورہ یاسین اس طرح پڑھے کہ اس کے ہر مبین پر لا مقصود الا اللّٰہ لا معبود الا اللّٰہ لا مطلوب الا اللّٰہ پڑھے اور تین بار ایاک نعبد و ایاک نستعین پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ اپنے مقصد کو ضرور پا لے گا اور اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خاص فضل و کرم فرمائے گا۔

فوری حاجت روائی

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد نہایت توجہ اور یکسوئی سے سورہ یاسین پڑھنا شروع کرے اور جب اس آیت مبارکہ انما تنذر من اتبع الذکر و خشی الرحمٰن پر پہنچے تو دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کو بند کرے۔ اس کے بعد پڑھنا شروع کرے اور جب اس مقام پر پہنچے یعنی قالوا ما انتم الا بشر مثلنا وما انزل الرحمٰن تو چھوٹی کے ساتھ والی انگلی کو بند کرے اور آگے پڑھنا شروع کر دے اور پھر جب اتخذ من دونہ آلھتہ" ان یردن الرحمٰن پر پہنچے تو اس کے برابر والی انگلی کو بند کرے یعنی دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی کو بند کرے اور پھر آگے پڑھنا شروع

کرے اور جب من یشاء اللہ پر پہنچے تو بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کو بند کرے اس کے بعد پڑھتا ہوا جب و اذا قیل لھم انفقوا مما رزقکم اللہ پر پہنچے تو بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی بند کرے اس کے بعد آگے پڑھنا شروع کرے اور جب ھذا ما وعد الرحمن پر پہنچے تو دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت بند کر لے پھر جب من دون اللہ پر پہنچے تو بائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی بند کر لے۔ اس طرح سورہ یاسین مکمل کرے یعنی دائیں ہاتھ کی چار انگلیاں اور بائیں ہاتھ کی تین انگلیاں برابر بند کیے رکھے۔

اب اسی حالت میں سورہ ملک پڑھنی شروع کرے اور جب ما تری فی خلق الرحمن پر پہنچے تو دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کھول دے اور آگے پڑھنا شروع کر دے اور جب ما انزل اللہ پر پہنچے تو بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کھول دے اور جب الا الرحمن پر پہنچے تو دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے ساتھ والی انگلی کھول دے اور جب من دون الرحمن پر پہنچے تو دائیں ہاتھ کی درمیانی انگلی کو کھول دے اور آگے پڑھنا شروع کرے جب قل انما العلم پر پہنچے تو بائیں ہاتھ کی دوسری انگلی ساتھ والی کھول دے اور جب اھلکنی اللہ پر پہنچے تو اس کے ساتھ والی بائیں ہاتھ کی انگلی کھول دے اور پھر جب قل الرحمن پر پہنچے تو دائیں ہاتھ کی انگلی کھول

دے۔ اب تمام سورہ مکمل پڑھ کر دو رکعت نفل نماز ادا کرے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک سو مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اللھم صل وسلم علیٰ سیدنا محمد و علیٰ آل سیدنا محمد کما صلیت علیٰ ابراھیم و علیٰ ال ابراھیم انک حمید مجید۔ اس کے بعد جس مقصد کے لیے پڑھائی کی گئی ہے وہ حاجت بیان کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاللہ تعالیٰ فوراً حاجت روائی ہو جائے گی۔ اگر اس وظیفہ کو ہر جمعرات کو پڑھنے کا معمول بنا لے تو اللہ پاک ہر قسم کی پریشانیوں سے ہمیشہ نجات دلائے گا۔

برائے حب میاں بیوی

جس گھر میں میاں بیوی کے درمیان ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور خصوصاً میاں اپنی بیوی کی شکل دیکھنے کا بھی روادار نہ ہو اور بیوی بے گناہ بھی ہو تو ان دونوں کے درمیان محبت پیدا کرنے کے لیے چند افراد مل کر پچاس بار سورہ یاسین پڑھیں اور پڑھ کر نمک پر دم کریں۔ اس کے ساتھ ہی ہر دفعہ یہ کہتے جائیں کہ فلاں ابن فلاں کا دل اپنی بیوی کے عشق میں بے قرار ہو پھر یہ کہیں ایاک نعبد و ایاک نستعین۔

اس کے بعد جب پچاس مرتبہ سورہ یاسین پڑھی جائے تو دم

کیے ہوئے نمک کو کسی خشک کنویں میں ڈال دیں۔ انشااللہ تعالیٰ سورہ یاسین کی برکت سے میاں بیوی کے درمیان خوب محبت پیدا ہو جائے گی اور خاوند بھی راہ راست پر آ جائے گا۔

مسان کا خاتمہ کرنا

بعض عورتوں کے ہاں جب بھی بچہ پیدا ہو تو وہ پیدائش کے فورا" ہی بعد مسان کا شکار ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت حال سے بچنے کے لیے پہلے ہی تدبیر کر لینی چاہیے۔

اس مقصد کے لیے ڈیڑھ میٹر نیلے رنگ کا سوت لے کر جو اکتالیس تار کا ہو۔ اس پر باوضو حالت میں تین بار سورہ یاسین پڑھ کر دم کرے اور ہر مبین پر گرہ دے کر دم کرتا جائے۔

اس عمل کو اتوار کے دن کرے اور اسی دن اس دھاگے کو حاملہ عورت اپنی کمر میں باندھ لے اور وہ عورت ہمہ وقت اس کو باندھ کر رکھے' کسی بھی وقت خود سے الگ نہ کرے۔ جب بچہ کی ولادت ہو جائے تو اسی دھاگے کو اتار کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ اس عمل کے باعث انشااللہ بچہ مسان کے مرض سے محفوظ رہے گا۔

بربادی دشمناں

جب کسی شخص کو اس کے دشمن ناجائز تنگ کرنے سے باز نہ آتے ہوں تو پھر ان دشمنوں کے مابین جدائی ڈالنا جائز ہے۔ اس کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائیں۔ اول و آخر سات سات بار درود شریف اللھم صل علی سیدنا محمد سید القاھرین علی اعداء رب العالمین پڑھے اور اس کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر سورہ یاسین اس طرح پڑھنی شروع کرے کہ جب پہلی مبین پر پہنچے تو کہے بحق سورہ یاسین اور آیت مبارکہ۔ قطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العالمین پڑھ کر اپنی ہتھیلی زمین پر مارتے ہوئے دشمنوں کا نام اور ان کی ماؤں کا نام لے اور تین بار آمین کہے۔ اس کے بعد پھر شروع سے سورہ یاسین پڑھے اور ہر مبین پر اسی طرح سے ان الفاظ کو ادا کرے جب کہ ہر مبین پر سورہ یاسین شروع سے پڑھتا ہوا آخری مبین تک جائے اور تمام کرے۔

اس کے بعد آخر میں پھر اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے۔ انشاللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ اس مقصد کو پورا فرمائے گا۔

مقدمہ میں کامیابی

اگر کوئی بے گناہ کسی ناجائز مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو اس سے بریت کے لیے نماز عشا کے بعد دو رکعت نفل نماز ادا کرے پھر اکتالیس مرتبہ سورہ یاسین پڑھے۔ اگر خود اس قدر تعداد میں پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا تو گھر کے افراد مل کر ایک جگہ بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ سورہ یاسین پڑھیں۔ جب ایک مرتبہ سورہ پڑھ لیں تو پھر دعا کرے۔

اس کے بعد اپنا مقصد بیان کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشااللہ تعالیٰ نتیجہ اس کے حق میں برآمد ہو گا۔

اس کے علاوہ جب تک مقدمہ کا فیصلہ نہ ہو جائے تو اس وقت تک ہر روز نماز فجر یا عصر کے بعد ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا رہے۔ انشااللہ تعالیٰ سورہ یاسین کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس شخص پر اپنی بے پناہ رحمت فرمائے گا۔

رزق میں اضافہ

رزق کی فراخی کے لیے ہر روز نماز عشا کے بعد تین بار سورہ یاسین پڑھے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ ہر روز عشا کی نماز کے بعد یہ وظیفہ بلاناغہ پڑھنے کا معمول بنا لیا جائے

تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کبھی رزق میں کمی واقع نہ ہوگی۔

قید سے رہائی

اگر کسی کو ناحق سزائے قید ہو جائے تو اس کی رہائی کے لیے تین آدمی باوضو حالت میں ایک جگہ پر بیٹھ کر سورہ یاسین کو پچھتر بار ختم کریں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ سورہ مبارکہ کی برکت سے بہت جلد قیدی رہا ہو جائے گا۔

قوت حافظہ

جس شخص کو کوئی بات یاد نہ رہتی ہو اور اسے بھول جانے کی عادت ہو تو چاہیئے کہ مشک اور زعفران سے چینی کی پلیٹ میں سورہ یاسین لکھے اور پانی سے دھو کر سات دن تک روزانہ پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حافظہ بہت تیز ہو جائے گا۔

حاجت براری کے لیے

اگر کسی کو کوئی ایسی مشکل پیش آئے جس کو دور کرنے کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو اسے چاہئے کہ ہر روز نماز عشا کے بعد اکتالیس روز تک بلاناغہ سورہ یاسین پڑھے اور ہر مبین پر سورہ

فاتحہ کو ایاک نعبد و ایاک نستعین تک پڑھ کر گیارہ بار سورہ اذا جاء پڑھ کر فاتحہ تمام کرے۔ پھر سورہ یاسین کو ہر دفعہ مبین در مبین کے حساب سے پڑھے۔ سورہ یاسین کو صرف ایک بار پڑھے۔ اگر ہمت ہو تو سات بار اس ترکیب سے پڑھے مگر یاد رکھے کہ اس عمل کو چالیس روز بلاناغہ کرنا ہے۔ درمیان میں کوئی ناغہ نہ ہو۔

سورہ یاسین کے الفاظ ٹھیک طرح سے ادا کریں۔ انشااللہ اس عمل کی بدولت ہر طرح کی جائز حاجت بہت جلد پوری ہو جائے گی۔

غربت کا خاتمہ

غربت، تنگدستی اور افلاس دور کرنے کے لیے ہر جمعہ کو نماز عشا پڑھ کر مصلے پر بیٹھے اور اول و آخر گیارہ بار درود پاک پڑھے۔ درمیان میں دس مرتبہ سورہ یاسین پڑھے۔ پھر اللہ تعالٰی سے دعا مانگے اور کسی سے بات چیت نہ کرے۔ انشااللہ چند ہی دنوں میں اس پر اللہ کا بے انتہا انعام و اکرام ہو جائے گا۔

افسر کو مہربان کرنا

جب افسر خواہ مخواہ ہی تنگ کرنے پر تلا ہوا ہو تو نماز عشا کے

بعد باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھے۔ درمیان میں پچیس مرتبہ سورہ یاسین شریف پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔ ایک گلاس پانی کا سامنے رکھ کر اس پر بھی دم کرے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

اگلے دن جب افسر کے سامنے جانے لگے تو دم کیا ہوا پانی اپنے منہ پر ملے اور پی لے۔ انشااللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہو جائے گا۔

نسیان سے شفا

کوئی شخص روز پنج شنبہ کو روزہ رکھے اور چینی کے پیالے پر سورہ یاسین لکھ کر آب باراں یا آب چشم سے دھو کر روزہ افطار کرے مرض نسیان ختم ہو جائے جو یاد کرے کبھی نہ بھولے۔

جادو کا خاتمہ

لکھ کر محسور کو پلائے سحر دفع ہو اگر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو ہر بلا سے محفوظ رہے۔ دشمنوں پر مظفر و منصور ہو ہر اچھے برے کی نظر میں مقبول القبول ہو۔ ہر دلعزیز ہو۔

ایک مجلس میں بارہ ہزار مرتبہ "یاسین" کہے جن و انس و حوش و طیور و جملہ مخلوقات مسخر و مطیع ہو' پرند و چرندو درند انس کرنے لگیں خواص اشیاء علوم مخصیات منکشف ہوں۔

کشف کے لئے

جو کوئی بعد نماز پانچ بار پڑھتا رہے صاحب باطن اور کشف ہو۔

ہر تمنا پوری ہو

جو کوئی تین ہزار ایک سو پچیس (3125) بار "یاسین" کو لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے خدا چاہے چالیس روز یں مراد حاصل ہو (اگرچہ تخت شاہی کی تمنا ہو)۔

غیب سے امداد

۔ یومیہ' 40 مرتبہ روزانہ ورد میں رکھے۔ انشاء اللہ روزانہ جس چیز کی خواہش و ضرورت ہو غیب سے پہنچتی رہے۔ موکل نائبانہ اس کی اطاعت کرتے رہیں گے مجرب و آزمودہ ہے۔ اے

سونے کے پتر پر کندہ کرا کے انگشتری میں پہنے معزز ہو۔

برائے عبادت

جو لوگ امور دینی و دنیوی کاہلی و غفلت کی وجہ سے اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ انہیں چاہیے کہ بعد ہر نماز سو مرتبہ مداومت کریں' جس کا دل نہ لگتا ہو اس کو بخ و تہ پانی پر دم کرکے پلائیں۔ صاحب دلائل فرماتے ہیں 29 بار بعد نماز فجر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر رحمت فرمائے دل کو روشن فرمائے۔

مرگی سے شفا

مرگی والے کے کان میں 40 مرتبہ ایک سانس میں "یاسین" پڑھ کر دم کرے فوراً" ہوش آئے۔ اگر 40 روز دو ہزار پانچ سو مرتبہ با شرائط تلاوت کرے تمام اسرار مشاہدہ کرے۔

آخرت میں آسانی

25 مرتبہ روزانہ تلاوت کرے تو اس کا انجام بخیر ہو۔ مرتے وقت باایمان جائے سکرات و قبر و پل صراط کی منزلیں آسان ہوں۔

قضائے حاجات

برائے قضائے حاجات ہر روز 50 مرتبہ پڑھے تو دولت مند ہو خلق اللہ مہربان ہو۔

مقبولیت دعا

بہت سریع الاجابت ہے اس کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے قبول ہو۔

تنگدستی سے نجات

تنگدستی بیروزگاری کے لئے 90 بار روزانہ پڑھے تو خلق سے بے نیاز ہو اور دولت دنیا اس کی جانب رجوع کرے۔

عزت و حرمت کے لئے

26 بار پڑھے تو صاحب عزت و اقبال ہو یا کاروبار اور ملازمت یا جس عہد پر فائز ہو تو مولیٰ تعالیٰ اس کے ملک یعنی نسب کو قائم دائم رکھے اور عزت و حرمت ملے اگر 19 بار ہی پڑھے تو

دل منور ہو۔

گناہوں سے نجات

اگر روزانہ 17 مرتبہ پڑھتا رہے اس کا دل معصیت سے صاف ہو کر روشن ہو جائے اور جو کوئی اسم سبوح کے ساتھ بعد نماز جمعہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے ملکوتی صفات پیدا ہو جائیں۔

حصار حفاظت

جب دشمن کے خوف سے بھاگنے کے سوا چارہ نہ ہو تو بکثرت پڑھے اس کے اور دشمنوں کے درمیان حصار قائم ہو جائے

قوت حافظہ

اس کا پڑھنے والا افعال رزیلہ اور کردار قبیحہ سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ بعد نماز فجر ایک سو بار پڑھنے سے علم اور جودت (یعنی ذہن میں تیزی اور قوت حافظہ) زیادہ ہو۔

"یاسین" کا ذاکر بوجہ علم و سخا مشہور ہو جاتا ہے اور شہر بہ شہر عوام و شفائے امراض کے لئے یہ عمل مجرب ہے مرض شدید میں مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس طرح پڑھے کہ تسبیح مریض کے سرے مس ہوتی رہے۔ جب تسبیح ختم ہو تسبیح کو مریض کے تکیہ کے نیچے رکھ دے۔

دوسرے دن وقت مقررہ یا کچھ قبل پھر تسبیح نکال کر اسی طرح پڑھے اور تسبیح سرہانے رکھ دے اسی طرح تین دن یا تین شب یہ عمل کرے اور تسبیح مریض کے سرہانے تا شفا ہی رکھی رہنے دیں انشاء اللہ پہلے دن سے افاقہ ہو اور جلد شفا حاصل ہو۔

حاجت روائی

گوشہ خلوت یا گوشہ مسجد میں نصف شب میں دو رکعت نماز ادا کرے اور حضوری قلب کے ساتھ سورہ یاسین 11 بار کھڑے ہو کر پڑھے۔ جو حاجت ہو پوری ہو اور اگر چالیس دن اسی طرح پڑھے تو علم باطن و ظاہر حاصل ہو اور کل مخلوق مسخر ہو۔

ایمان کے لئے

جو کوئی روزانہ چھتیس بار پڑھے تو قلب میں ایمان کی لہریں

موجزن ہو جائیں۔

غیبت سے نجات

اگر ایک سو بتیس مرتبہ ہفتہ میں پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ رکھے۔

نورانی شخصیت

جو شہوت نفس اور غضب سے خالی ہو کر خلوت میں باستقلال بہ زبان و قلب ذکر میں محو ہو کہ نفس کا بھی وجود نہ رہے روزانہ پڑھے بعد 41 یوم گزرنے کے دیوار پر ایک خاص نور ظاہر ہو گا جس کا اظہار زبان سے ناممکن ہے۔

ذاکر کا قلب انوار معرفت سے منور ہو جائے گا اور ذاکر خود اپنے کو بحر انوار میں جلوہ گر دیکھے گا اس کے بعد اس ذاکر میں صفت پیدا ہو جائے گی کہ اسے جو دیکھ لے باایمان ہو جائے اور گنہ گار تائب ہو جائے گا۔

رعب پیدا ہو جائے

اس میں ہیبت و عظمت کی بہت بڑی خاصیت ہے اور دشمنوں

کے قلب کو مرعوب کرنے اور رعب و وجاہت سے مسخر کرنے کی خاص تاثیر ہے۔ اس اسم کے ذاکر پر سخت دل موم ہو جاتے ہیں' کار ہائے مشکل آسان ہو جاتے ہیں نہ مخلوق کو اس سے برائی پہنچے نہ کوئی اسے برائی و نقصان پہنچا سکے۔

تسخیر مخلوق

جو شخص 70 روز بوقت صبح بعد غسل (کہ غسل کرتے وقت اور بعد غسل اور بعد غسل ختم عمل تک کسی سے بات نہ کرے' اچھا لباس پہن کر 18 مرتبہ اس کو پڑھے ایسی تسخیر پیدا ہو کہ خود متحیر ہو جائے۔

حصول عزت

اگر اس کو چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری میں رکھ کر پہنے دشمن پر غلبہ و تفوق حاصل ہو پیش حکام سلاطین معزز ہو۔ اشرار و خرافات عالم سے مامون رہے۔ اسرار عزت سے آراستہ ہو۔

تسخیر عوام

اگر اس کو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان 21 بار

پڑھیں تو عوام و خواص حکام و رعایا بلکہ ہر شے مسخر ہو اور اپنے گرد ہجوم دیکھے مگر شرط یہ ہے کہ ہر مومن کے ساتھ اخلاق حسنہ سے پیش آئے۔

آسیب سے نجات

طلسم عروج ماہ یعنی نو چندی جمعرات کو شروع کرے اور ہر روز 31 مرتبہ سورہ یاسین بطریق زکوٰۃ مع ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ پورا ایک چلہ کرے۔

جس مریض پر دم کرے گا صحت یاب ہوگا اور آسیب اور اس کا لشکر پسپا ہوگا اور بعد ازاں سارے موکلاں کو رخصت کرکے شیرینی پر فاتحہ دے کر حضور غوث اعظم و جمیع بزرگان رضوان علیہم اجمعین کی تقسیم کرے اور موکلاں کی سلامتی کی دعا کرے اور فتیلہ کو گل کرے فقیر کا تجربہ ہے کہ یاسین شریف خاص شرف آفتاب میں کندہ کی ہوئی گلے میں ڈالنا اور اسی کو دھو دھو کر پلانا نہایت کار آمد ثابت ہو۔

پرچھائیں کا علاج

آسیب دیو پری جن اور جو کچھ بھی اثر ہو اس کے دفعیہ کے لئے تجربہ شدہ آسان عمل، پہلے تاگہ سرخ 11 تار موافق قد

مریض لے کر گنڈہ بنائے اور تین گرہ لگائے ہر گرہ پر ایک بار یاسین اور یہ عزیمت ایک بار پڑھ کر دم کر کے گرہ لگاتا جائے اور نگاہ رکھے عزیمت یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ واصبر و ما صبرک الا باللہ ولا تحزن علیھم ولا تک فی ضیق مما یمکرون ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ھم محسنون

آسیب زدہ مکان کا حل

مکان میں رہنے سے بال بچے بیمار اور طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا رہتے ہوں اور ان آفتوں اور بلاؤں کے دفعیہ کے لئے تمام تدابیر کراکے ہار گئے ہوں تو چاہئے کہ چار عدد کیلیں لوہے کی ایک ایک بالشت لمبی کہ وزن ہر ایک کیل 5 چھٹانک پکا یعنی 20 تولہ ہو۔ ان کو چوکور بنوایا جائے اور ہر کیل کے ہر پہلو پر چاروں طرف آیت سلام قولا من رب رحیم اعداد میں کندہ کرائی جائے۔ اس کے بعد کچا سوت ہر کیل پر اس طرح لپیٹا جائے کہ تمام عبارت کندہ چھپ جائے۔

پھر ہلدی کو پیس کر رنگ نکالا جائے اور اس رنگ میں کپڑا رنگ کر اس کپڑے کو ہر کیل کے اوپر سے لپیٹ کر رکھ لی جائیں اور بانس کی نلکی کے چار ٹکڑے یا چھوٹی کوری ہانڈی چار عدد میں نیچے سوراخ کر کے اس میں ایک ایک کیل رکھ کر ٹھونک دے۔

مشکل کشائی کے لئے

جب ضروری حاجات پوری ہونے میں بھی رکاوٹیں پیدا ہونے لگیں تو نماز عشا کے بعد باوضو ہو کر بیٹھ جائے اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں سات بار سورہ یاسین معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات یوم تک پڑھے۔ سورہ یاسین بسم اللہ سے اس طرح پڑھے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم لا مقصود الا اللّٰہ لا موجود الا اللّٰہ لا معبود الا اللّٰہ لا مطلوب الا اللّٰہ لا الٰہ الا اللّٰہ یاسین والقرآن الحکیم سے پڑھتا ہوا جب سلام قولا من رب رحیم پر پہنچے تو سات بار تکرار کرے اور سورہ یاسین ختم کر کے کہے محمد رسول اللّٰہ یا مستجاب الدعوات بحق رسول اللّٰہ حاجت من رواکن

اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے مطلوبہ حاجت بہت جلد پوری ہو جائے گی۔

مقدمے میں کامیابی

اگر کوئی شخص کسی ناجائز مقدمے میں پھنس جائے اور یہ چاہتا

ہو کہ اب فیصلہ اس کے حق میں ہو جائے تو اسے چاہیے کہ چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز عشا کے بعد کسی ایسی جگہ خالی مکان میں کہ جہاں کسی دوسرے کا گزر نہ ہو باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے۔ اول ایک سو ایک بار درود پاک پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو ایک بار سورہ فاتحہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر لفظ یاسین دو بار پڑھے پھر تین بار یاسینؐ اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کہہ کر چوتھی بار یوں کہے۔ تجق سورہ یاسین والقرآن الحکیم۔

پڑھتا ہوا جب پہلی مبین پر پہنچے تو لفظ مبین کو ایک سو اکیس بار کہے پھر شروع کرے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ایک بار سورہ یاسین اس طرح پڑھے کہ ہر مبین پر ایک سو اکیس کی تکرار کرے۔ جب مکمل سورہ پڑھ چکے تو اپنے مقدمے کا دل میں تصور کرے اور صرف مبین مبین کہتا ہوا سو جائے۔ بے شک اللہ تعالٰی دلوں کے بھید بھی جانتا ہے۔ جب مبین مبین کہے تو دل ہی دل میں مقدمے کی کامیابی کے لیے اللہ تعالٰی سے دعا بھی مانگے۔ انشاءاللہ تعالٰی مقدمے کا فیصلہ اللہ پاک اس کے حق میں فرمائے گا۔

جب دو یا بہت سے دشمن مل کر کسی ایک بے گناہ کو تنگ کرنے سے کسی بھی طرح باز نہ آتے ہوں تو اس شخص کو چاہئے کہ منگل کو نماز فجر کے بعد پاک صاف حالت میں بیٹھ کر مٹی کا کچا برتن لے کر اس پر اکتالیس بار سورہ یاسین پڑھے اور دم کرے۔ آخر میں اپنے دونوں دشمنوں کا نام لے اور پھر کسی طرح یہ مٹی کا برتن اگر خود نہیں تو کسی بچے یا کسی بڑے کے ذریعے جب دونوں دشمن اکٹھے ہوں تو ان کے درمیان زمین پر مار کر توڑ ڈالے۔ اللہ کے حکم سے دونوں میں جدائی ہو جائے گی۔

بخار اتارنا

جب کسی شخص کا بخار کسی بھی طرح اترنے کا نام نہ لیتا ہو اور کوئی دوا بھی کارگر نہ ہو رہی ہو تو بخار کو اتارنے کی غرض سے کچے سوت کے سات دھاگے لیں اور باوضو حالت میں ایک بار سورہ یاسین پڑھیں اور جب مبین پر پہنچے تو دھاگے پر دم کر کے گرہ لگا دیں۔ سات مبین پر سات گرہ لگائیں۔ اول و آخر سات بار درود شریف بھی پڑھیں۔ اس کے بعد یہ دھاگہ بخار والے مریض کی داہنی کلائی پر یا دائیں بازو پر یا تعویذ کی شکل میں گلے میں لٹکا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بخار اتر جائے گا۔

زبان بندی

بعض بدبخت لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ جب بھی ملیں بداخلاقی اور بدگوئی سے ملتے ہیں۔ اسے دشمن کی زبان بند کرنے کے لیے بنولے کے چالیس دانے لے کر ان پر باوضو حالت مین تین بار سورہ یاسین پڑھ کر دم کرے اور ان دانوں کو دشمن کے مکان میں اس طرح سے دفن کریں کہ اس کو خبر نہ ہو۔ انشاءاللہ آئندہ کبھی بدگوئی کرنے کی جرات نہ کرے گا۔

ہر قسم کی حاجت روائی

کسی بھی جائز مقصد کے لیے جمعہ کی رات کو عشا کی نماز پڑھنے کے بعد اول دو رکعت نفل نماز ادا کرے اور سورہ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں تین تین بار سورہ اخلاص پڑھے۔ پھر جب سلام پھیرے تو ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر سر سجدہ میں رکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری سے دعا مانگے۔ انشاءاللہ ہر جائز حاجت پوری ہو گی۔

باوضو حالت میں سات مرتبہ سورہ یاسین شریف پڑھ کر اپنی دکان کے مال پر دم کریں۔ انشاءاللہ دکان خوب چلے گی اور گاہک وافر مقدار میں دکان میں آئیں گے۔

مشکل حل ہو جائے

کسی بھی طرح کی مشکل ترین حاجت کے لیے باوضو حالت میں فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد مصلے پر قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائے اور اول و آخر سات بار درود پاک پڑھیں۔ اس کے بعد لفظ یاسین تین بار پڑھے اور پھر سورہ یاسین پڑھنا شروع کرے۔ جب پہلی مبین پر پہنچے تو سورہ فاتحہ شروع سے لے کر نستعین تک پڑھے اور شہادت کی انگلی کھڑی کرے اور جب واضرب لھم سے پڑھتا ہوا آیت مبارکہ ذالک تقدیر العزیز العلیم پر پہنچے تو اس کو سات بار توجہ اور یکسوئی سے پڑھے۔ اس کے بعد سات بار یا قدیر یا عزیز یا علیم پڑھے اور پھر جب سلام قولا من رب رحیم پر پہنچے تو اس کو بھی سات بار پڑھے۔ اس کے بعد سات بار یا سلام یا رب رحیم پڑھے اور پھر جب لفظ مثلھم پر پہنچے تو تین بار پڑھ کر ختم کرے اور پھر سورہ فاتحہ پڑھنی شروع کر دے۔ جب نستعین پر پہنچے تو انگشت شہادت کھڑی کرے۔ اور پھر سورہ فاتحہ پوری

کرے یعنی اھدنا الصراط المستقیم سے شروع کر کے پوری سورہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک بار درود شریف پڑھے پھر ایک سو بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا ذوالجلال والاکرام یا ارحم الراحمین پڑھے اور اس کے بعد ایک سو مرتبہ لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین پڑھے۔

جب یہ عمل تمام کرے تو پھر سات بار درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے اس تمام پڑھے ہوئے کا ثواب حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کی روح پاک کو پہنچائے اور اپنے مقصد کے حصول کی کامیابی کے لیے دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ تمام مشکلات کو دور فرمائے گا۔

مصیبت سے بچت

ہر قسم کی بلاؤں اور مصیبتوں سے بچاؤ کے لیے فجر کی نماز باجماعت ادا کرنے کے بعد باوضو حالت میں سورہ یاسین لکھے اور تعویذ کی شکل میں محفوظ کر کے اپنے پاس رکھے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ہر قسم کی مصیبتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

اگر کسی شہر یا بستی میں کوئی ایسی بیماری پھیل جائے جو متعدی ہو تو ایسی صورت میں گندم کے اکیس دانے لے کر باوضو حالت میں سورہ یاسین پڑھے اور ان پر دم کرے اس طرح کہ جب سلام قولا من رب رحیم پر پہنچے تو اس کو چودہ سو بار پڑھ کر دم کرے اور پھر اس میں سے ہر روز دو دانے نگل لے یا جس کسی کو بھی اس متعدی مرض سے محفوظ رکھنا ہو اسے کھلا دے۔

انشاالله تعالیٰ جو شخص بھی یہ گندم کے دانے کھائے گا وہ اس بیماری کے حملہ سے محفوظ رہے گا۔

سب کی حاجت بر آئے

بعض حاجتیں ایسی ہوتی ہیں کہ جن کے پورا ہونے سے بہت سے دوسرے لوگوں کا بھی بھلا ہو جاتا ہے۔ ایسی ہی حاجتوں کے لیے اول و آخر اکیس اکیس بار درود شریف پڑھے پھر بسم اللہ کے ساتھ سورہ یاسین سات بار سات یوم تک بلاناغہ اس طرح پڑھے کہ پہلے ایک بار بسم اللہ کے بعد لا مقصود الا اللّٰہ لا موجود الا اللّٰہ لا معبود الا اللّٰہ لا مطلوب الا اللّٰہ لا الٰہ الا اللّٰہ، یاسین والقرآن الحکیم سے پڑھتا ہوا جب آیت مبارکہ سلام قولا من رب رحیم پر پہنچے تو اس آیت کو سات بار پڑھے اور سورہ مکمل

کرتے ہی فوراً" کہے محمد رسول اللہ یا مستجاب الدعوات
بحق رسول اللہ حاجت من رواکن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے
سات یوم کے اندر اندر مطلوبہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

محبت پیدا ہو جائے

آپس میں محبت پیدا کرنے کے لیے نماز فجر کے بعد تیس بار
سورہ یاسین پڑھے اور نمک کے اوپر دم کرے۔ اس میں سے
تھوڑا سا نمک کھانے میں ملا کر دے اور باقی نمک کسی مرتبان میں
ڈال کر چولہے کے پاس رکھ دے۔
اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایسی محبت پیدا ہو گی کہ ایک
لمحے کے لیے بھی جدائی برداشت نہ ہو سکے گی۔

لڑکی کی شادی کا عمل

بعض بچیاں اچھے رشتے کے انتظار میں ماں باپ کے گھر بیٹھی
بیٹھی بوڑھی ہو جاتی ہیں مگر کوئی اچھا رشتہ نہیں ملتا۔ ایسے والدین
کو چاہیے کہ ماں یا باپ کوئی ایک نماز عشا کے بعد یا نماز تہجد کے
بعد دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے
بعد سورہ یاسین پڑھیں۔

نماز مکمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں تو انشاءاللہ تعالیٰ سات یوم تک یہ عمل بلاناغہ کرنے سے جلد ہی لڑکی کے لیے اچھے رشتے آنے شروع ہو جائیں گے۔

اگر کسی کو سورہ یاسین زبانی یاد نہ ہو تو وہ اس سورہ کی کم از کم تین آیات یاد کرے اور دو رکعت نفل نماز میں سورہ فاتحہ کے بعد پڑھے پھر جب نماز مکمل کر لے تو سلام پھیرنے کے بعد دو مرتبہ سورہ یاسین دیکھ کر پڑھے۔

خلقت میں مقبول ہونا

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ لوگ اس کی عزت کریں۔ اس کے ساتھ احترام کے ساتھ پیش آئیں اسے چاہیے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد پڑھے یاسین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر نوے بار یاسین کہے۔ اس کے بعد سورہ یاسین پڑھنی شروع کرے۔ جب مبین پر پہنچے تو کان میں انگلی رکھ کر گیارہ بار یہ کہے الصلوٰۃ خیر من النوم اسی طرح ہر مرتبہ ہر مبین پر یہ کہے پھر جب کن فیکون پر پہنچے تو اپنا مقصد بیان کرے۔

عمل نماز فجر کے بعد اور نماز عشا کے بعد دن میں دو مرتبہ کرے۔ یعنی ایک صبح اور ایک شام کے وقت۔ اکتالیس یوم تک

بلاناغہ کرے۔ پھر جب اکتالیس یوم پورے ہو جائیں تو ہر روز صرف ایک ہی وقت یہ عمل کرے اور اس کو ہمیشہ جاری رکھے۔

طلب مغفرت

انسان سچے دل سے توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ انسان کے تمام پچھلے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ اگر کسی کو یہ احساس ہو کہ اس کے گناہ بہت زیادہ ہیں اور وہ توبہ کرنا چاہے تو اسے چاہئے کہ ہر نماز کے بعد ایک بار سورہ یاسین شریف پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی مانگے۔ اللہ تعالیٰ بخشنے والا غفور الرحیم ہے۔

جلد شادی ہو جائے

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ لڑکے یا لڑکی کی جہاں بھی رشتے کی بات کریں یا تو پوری نہیں ہوتی یا رشتہ ہو کر ٹوٹ جاتا ہے۔ اگر ایسا ہو تو چاہئے کہ رات کو نماز عشا کے بعد پاک صاف کپڑے پہن کر قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور ایک یا تین افراد مل کر اکتالیس بار سورہ یاسین پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔ آخر میں دعا مانگیں۔ انشاللہ بہت جلد مراد پوری ہو جائے گی۔

خوف سے نجات

جو شخص خواہ مخواہ ہی ہر کسی سے خوف کھاتا ہو اور اس کے دل سے ڈر ختم نہ ہوتا ہو تو وہ نماز فجر یا نماز عشا کے بعد باوضو ہو کر بیٹھے اور اول و آخر اکیس بار درود شریف پڑھے۔ تین بار سورہ یاسین پڑھے اور جب سلام قولا من رب رحیم پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو تین بار پڑھے۔ سات یوم تک ہر روز بلاناغہ یہ عمل کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل سے ہر قسم کے ڈر اور خوف کو دور فرما دے گا۔

مشکل سے نجات

جب کوئی کسی اچانک مشکل میں پھنس جائے اور نکلنے کی کوئی صورت نظر نہ آئے تو چند افراد باوضو حالت میں پاک صاف لباس پہن کر قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائیں اور ایک ہی جلسہ میں ایک سو بار سورہ یاسین پڑھیں۔ پھر اللہ تعالیٰ سے مشکل کے حل کے لیے دعا مانگیں۔

سورہ یاسین پڑھنے سے قبل سب مل کر اول و آخر گیارہ بار درود شریف بھی پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرما کر اس مشکل

کو دور فرمائے گا۔

خوف جنات

بعض اوقات کسی راستے سے گزرتے ہوئے یا کسی مکان میں داخل ہوتے ہوئے جنات کا خوف محسوس ہوتا ہے۔ ایسے موقع پر سورہ یاسین پڑھنی چاہیئے۔ اول و آخر سات بار درود شریف بھی پڑھیں۔ ہر قسم کا خوف دور ہو جائے گا اور اگر جنات ہوں گے تو وہ کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے۔

بندش ذہن کو کھولنا

بعض افراد بہت کند ذہن ہوتے ہیں اور کوشش کے باوجود بھی وہ کسی کام میں کامیاب نہیں ہوتے۔ ایسے افراد جو کند ذہنی کی وجہ سے ناکام زندگی گزار رہے ہوں یا طالب علم جن کو اپنا سبق یاد کرنے میں سخت دشواری پیش آتی ہو ان کو چاہیئے کہ وہ جمعہ کی شب کو بعد نماز عشا چار رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالٰی سے دعا مانگیں۔ سات یوم تک یہ عمل بلاناغہ کرنے سے ذہن کھل جائے گا۔

اگر کسی کو پوری سورہ یاد نہ ہو تو وہ نماز میں تو سورہ مبارکہ کی چند آیات پڑھ لے اور پھر سلام پھیرنے کے بعد قرآن پاک سے دیکھ کر چار مرتبہ سورہ یاسین کی تلاوت کرے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ بہت ہی زیادہ رحمت فرمائے گا۔

ہر قسم کی حاجت کے لیے

کسی بھی حاجت کے فوری طور پر پورا ہونے کے لیے سات جمعہ تک ہر جمعہ کی شام کو نماز عشا کے بعد سات بار سورہ یاسین پڑھے اور اس کا ثواب تمام اولیا کرام رحمۃ اللہ علیہ کی ارواح کو پہنچائے اور پھر دو رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورہ اخلاص پڑھے اور نماز مکمل کرنے کے بعد سلام پھیرے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت روائی کے لیے دعا مانگے۔

اللہ تعالیٰ اس شخص کی ہر جائز حاجت پوری فرمائے گا۔

دائمی مرض کا خاتمہ

اگر کسی شخص پر آسیب وغیرہ کا سایہ ہو یا اسے کوئی ایسی بیماری ہو جس کا علاج کر کر کے وہ تھک جائے اور شفا نہ ہو تو ایسے

مریض کا شافی علاج کرنے کے لیے سورہ یاسین شریف کا عمل بہت مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے سورہ یاسین شریف کی آیت مبارکہ سلام قولا من رب رحیم کو یکم رمضان المبارک کی شب بعد نماز تراویح سے ہر رات سے ستائیسویں رات تک قبلہ رو ہو کر ایک لاکھ پچیس ہزار بار مکمل پڑھے یعنی روزانہ اندازہ سے اس قدر تعداد پڑھنے کی مقرر کر لے کہ معینہ دنوں میں تعداد کے مطابق پڑھائی مکمل ہو جائے۔

جب پہلی رمضان المبارک کی رات سے ستائیسویں رات تک ایک لاکھ پچیس ہزار بار پڑھ لے تو سمجھ لیں کہ وہ اس آیت مبارکہ کا عامل ہو گیا۔

اب عامل کو چاہئے کہ وہ یہ مشق کرے کہ ایک ہی سانس میں سو بار اس آیت کو جلدی مگر صاف الفاظ سے پڑھے جب اس بات پر قادر ہو جائے تو اس وقت سمجھ لے کہ وہ کسی دائمی مریض جو کسی بھی جسمانی عارضہ میں مبتلا ہے یا آسیب زدہ ہے اس کا علاج شافی طریقہ سے کر سکتا ہے۔ علاج کی ترکیب یہ ہے۔

مریض کے پاس باوضو حالت میں بیٹھ جائے اور مریض کے داہنے ہاتھ کا انگوٹھا اپنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے

پکڑ کر ایک بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، تین بار درود پاک اور پھر ایک ہی سانس میں آیت سلام قولا من رب رحیم پڑھ کر سانس توڑ دے۔ اس کے بعد پھر ایک بار درود پاک پڑھے اور اس کا ہاتھ چھوڑ دے۔ مریض کا ہاتھ پکڑتے وقت اور پڑھتے وقت سلب مرض کا تصور کرے۔ چنانچہ جیسے ہی مریض کا ہاتھ پڑھنے کے بعد چھوڑے گا مریض صحت یاب ہو جائے گا خواہ کتنی ہی مدت سے مریض ہو۔ سورہ یاسین کی برکت سے شفایاب ہو جائے گا۔

اس بات کی احتیاط رکھے کہ جن دنوں میں اس کا عامل ہونے کی مشق کر رہا ہو ان دنوں میں مچھلی، انڈا، تیل اور ہر قسم کے گوشت سے مکمل طور پر پرہیز رکھے۔ جب پہلے دن پڑھنے کے لیے بیٹھے تو زکوٰۃ کے طور پر خوشبو لگائے۔

ظالم حاکم کے شر سے حفاظت

جب کسی شخص کو یہ خوف ہو کہ کسی ظالم حاکم سے اسے نقصان پہنچ سکتا ہے اور وہ ظالم اس سے ہر جائز و ناجائز کام کروائے گا تو وہ ظالم حاکم کے پاس جانے سے پیشتر باوضو حالت میں ایک بار سورہ یاسین پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا مانگے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باسم اللّٰہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم باسم اللّٰہ الذی لا الٰہ الا ذوالجلال والاکرام باسم اللّٰہ الذی لا یضر مع اسمہ شئی ء فی الارض ولا فی السماء و ھو السمیع العلیم○ اللھم انی اعوذبک من شر فلاں بن فلانتہ

ترجمہ:

اللہ تعالیٰ کے اسم پاک کے واسطے سے کہ ایسا اللہ پاک کوئی نہیں ہے سوائے اس کے پروردگار اور جو ہمیشہ زندہ اور قائم بذات خود ہے اور بابرکت اسم پاک اس اللہ کے کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے جو بڑے جلال اور اکرام والا ہے۔ اور نام اس اللہ کے جس کے نام کے ساتھ کوئی شے زمین میں ضرر کرتی ہے نہ کوئی آسمان کی چیز گزند پہنچاتی ہے۔ وہ بڑا سننے والا اور جاننے والا ہے اے میرے پروردگار' میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں فلاں بن فلاں یہاں اس ظالم حکمران اور اس کی ماں کا نام لے) ہے۔

اس کے بعد اس ظالم حاکم کے پاس جائے گا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کے شر سے ہر طرح سے محفوظ رہے گا۔

جسمانی توانائی کے لئے

اگر کوئی بیماری کی وجہ سے لاغر ہو گیا ہو اور مرض کے غلبے

کی وجہ سے جسمانی لاغری میں مبتلا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز نماز فجر کے بعد ۱۱۱ مرتبہ یا سلام پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کمزوری و نقاہت دور ہو جائے گی اور رفتہ رفتہ جسم میں توانائی پیدا ہوتی چلی جائے گی اور اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

سکون دل کے لئے

ہر طرح کی مشکل اس کے بکثرت ورد کرنے سے حل ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مشکلات کے حل میں آسانی پیدا فرما دیتا ہے۔

دنیا والوں کی بے ثباتی پر دل کو سکون اور اطمینان پہنچانے کے لیے ہر نماز کے بعد اسم یاسلام کی ایک تسبیح پڑھنا بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

فصل زیادہ ہو

یاسین شریف کو زعفران سے لکھ کر پانی میں دھو کر کھیتوں میں ڈالنے سے کھیتی آفات سے محفوظ رہے گی اور فصل زیادہ ہو گی۔

ضروریات زندگی کے لیے نماز فجر کے بعد ۳ مرتبہ ورد کرے۔ اگر اسے نماز عشا کے بعد ۷ مرتبہ پڑھے تو خلق خدا عزت کرے گی۔

گھر کے چاروں کونوں میں پانی پر دم کر کے چھڑکے تو برکت ہو گی۔ باہمی محبت ہو گی اور گھر کے افراد ایک دوسرے کا احترام کریں گے۔

حاکم کے سامنے جاتے ہوئے سات بار پڑھے تو حاکم مہربان ہو گا۔ اگر مظلوم ہے تو وہ عزت کرے گا۔

گھر کے افراد آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں تو انہیں ۳۱ بار پڑھ کر شربت پر دم کر کے پلائے تو آپس میں بہت زیادہ محبت پیدا ہو گی۔

اس کو بکثرت پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ سمجھداری اور بردباری کی نعمت سے سرفراز فرماتا ہے۔

مریض کے لئے شفا

باوضو حالت میں مریض کے سرہانے یہ اسم مبارک کثرت سے پڑھنا مرض کی شدت میں کمی کرتا ہے اور بیماری کی نقاہت جاتی رہتی ہے۔

اگر کوئی شہرت مرتبہ اور ناموری کا خواہش مند ہے تو وہ اس کا کثرت سے ذکر کرے اللہ تعالیٰ معاشرے میں بلند مقام عطا فرمائے گا۔

اگر کسی کی کھیتی یا درخت پھل نہ دیتے ہوں یا ٹھیک طرح سے پروان نہ چڑھتے ہوں تو صاف پانی لے کر باوضو حالت میں اول اور آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں اور درمیان میں تین مرتبہ یہ سورہ پڑھ کر دم کریں اور کھیتی یا درخت کی جڑوں میں یہ پانی چھڑک کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں تو باری تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے خوب برکت عطا فرمائے گا۔

ہر نماز کے بعد باقاعدگی سے اکتالیس مرتبہ "یاسین" پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوتی ہے اور کشف کی دولت ہاتھ آتی ہے۔

نرمی دل کے لئے

باوضو حالت میں ہر وقت پڑھتے رہنے سے دل کی سختی دور ہو جاتی ہے اور طبیعت میں نرمی اور عاجزی پیدا ہو جاتی ہے۔ مخلوق مہربانی اور شفقت سے پیش آتی ہے۔

کافی المہمات

اس کے کثرت سے ورد کرنے سے رنج و غم دور ہو جاتے ہیں۔ مال و دولت میں برکت پیدا ہوتی ہے۔

یاسلام سجدے میں سر رکھ کر تین بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ گناہوں سے معافی عطا فرماتا ہے۔

کوئی بیماری یا تکلیف ہو تو نماز فجر کے بعد سات دن تک سات بار روزانہ پڑھنے اور دعا مانگنے سے بیماری یا تکلیف سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔

کوئی بھی مہم درکار ہو تو ۱۰۱ بار سجدے میں سر رکھ کر یا سلام پڑھے۔

کسی سے مراسم ٹھیک نہ ہوں تو اس کے سامنے اول و آخر درود شریف پڑھ کر تین بار اس اسم کا ورد کرے۔

بچے یا بچی کا رشتہ نہ ملتا ہو تو نماز عصر کے بعد ۲۱ بار سورہ یاسین پڑھے۔

اگر کسی کو سر میں درد یا بخار ہو تو زعفران و گلاب سے کاغذ پر یا سلام لکھے پھر روٹی کے ٹکڑے پر جذب کر کے اس کو کھائے تو نہ بخار رہے گا اور نہ سردرد رہے گا۔

اس کے ذاکر کی اللہ تعالیٰ ہر طرح سے پردہ پوشی فرماتا ہے

اور اس سے درگزر فرماتا ہے۔ اسے نیکی اور بھلائی کے کاموں کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

اگر کوئی صدق دل سے توبہ کی طلب رکھتا ہو تو اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین بار درود شریف پڑھے درمیان میں ١١ مرتبہ یہ سورہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اور توبہ کرے۔ اللہ تعالیٰ بہت جلد دعا کو قبول فرمائے گا۔

شدت مرض میں کمی

مرض کی شدت کو کم کرنے کے لیے باوضو ہو کر ١١ مرتبہ اس سورہ کو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور صبح نہار منہ پی لے۔ انشااللہ تعالیٰ بیماری میں افاقہ ہو گا اور مرض جاتا رہے گا۔

گلے کی خرابی دور ہو

اگر گلے کی خرابی کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے اور سر میں درد کی شکایت پیدا ہو جائے تو ایسی صورت میں یہ سورہ اپنے اندر شفائی اثرات دکھانے کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایک صاف کاغذ پر سات مرتبہ اسم پاک یا سلام سبز روشنائی سے لکھیں اور پانی میں حل کر کے پی لیں انشااللہ شفا عطا ہو گی۔

اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنے والا ہر قسم کے عذاب، مصیبت اور ظلم و نقصان سے بچا رہتا ہے۔ کوئی اس کو گزند پہنچانے کی جرات نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنی خاص نظر کرم عنایت فرماتا ہے۔

بڑی سے بڑی پریشانی اس اسم مبارک کے ورد کرنے سے جلد ہی رفع ہو جاتی ہے۔

اولاد صالح کے لئے

اگر کسی کو نیک اور صالح اولاد کی خواہش ہو تو وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں سات مرتبہ اس سورہ کو خلوص نیت اور عاجزی سے ساتھ تو انشااللہ تعالیٰ جو بھی دعا اللہ تعالیٰ کے حضور مانگے گا وہ قبول ہو گی۔

مغفرت کے لئے

جو کوئی کثرت سے اس سورہ کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے خواہ وہ پہاڑ جتنے ہی کیوں نہ ہوں۔

بچے اگر رات کو سوتے میں ڈریں تو تین بار پڑھ کر دم کریں۔

جس طالب علم کو سبق یاد نہ ہو تو وہ بکثرت پڑھے۔ بے سکونی، اطمینان قلب نہ ہو تو نماز عشا کے بعد ورد کریں۔

چھپاکی کا علاج

اگر کسی کو پت اچھل ہو جائے تو اسم یا سلام سات مرتبہ زعفران سے پیشانی پر لکھ دے تو ایک ہی دن میں انشاءاللہ تعالیٰ فرق پڑ جائے گا۔

غصے کا خاتمہ

کسی بہت زیادہ غصے والے کو یہ سورہ سات مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلا دیں تو وہ ٹھیک ہو جائے گا۔

کمزوری سے نجات

اس سورہ میں بے شمار مشکلات کا حل مضمر ہے۔ اگر کسی کو سرخ باد کا عارضہ لاحق ہو جائے تو دوسرا شخص باوضو حالت میں اپنی انگشت شہادت سے سات مرتبہ سلام قولا من رب رحیم لکھے تو اللہ تعالیٰ ایک ہی دن میں شفا عطا فرمائے گا۔

جنگ میں فتح

جنگ و جہاد میں حصہ لینے والے افراد کے لیے اس سورہ کا ورد کرنا انتہائی فائدہ مند ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ و امان میں رکھتا ہے اور ہر طرح سے اس کی حفاظت فرمائے گا۔

انتہائی مشکل کاموں کو آسان کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ درمیان میں ۹ مرتبہ اس سورہ کو پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے مشکلات کا خاتمہ فرما دے گا۔

حصولِ مراد

اگر کوئی خلوص دل سے توبہ کرنے کے بعد اس سورہ کا ورد بکثرت کرے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اُس کی ہر جائز مراد کو پورا فرما دے گا۔

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کے مخالفین یا بدمزاج قسم کے افسر اس کے ساتھ نرمی سے پیش آئیں تو وہ بعد نماز عشا قبلہ رو ہو کر ہر روز بلاناغہ ۵ مرتبہ اس سورہ مبارک کو پڑھے۔ اول و آخر درود شریف پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے عاجزی سے دعا مانگے تو زیادہ سے زیادہ سات یوم میں ہی اس سورہ پاک کے خواص کی بدولت مقصد

پورا ہو جائے گا۔

معاشی تنگی سے نجات

معاشی تنگی کے لیے نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھنے سے تنگدستی دور ہو جائے گی۔

دکھ درد سے نجات کے لیے اکتیس مرتبہ پڑھے۔ اگر کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو ۱۰۱ بار پڑھے۔

لڑکے یا لڑکی کا رشتہ درکار ہو تو تین تسبیح اس سورہ پاک کی پڑھے۔

اگر کسی کی بیوی نافرمان ہو تو اس کے لیے ۷ بار پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے اسے کھلا دے۔

جسم درد کرتا ہو اور کام کاج میں جی نہ لگتا ہو تو سات بار پڑھ کر خود پر دم کرے۔

بچہ نافرمان ہو تو ۳ بار کسی چیز پر دم کر کے کھلا دے۔

امراض آنکھ کا علاج

اگر کوئی امراض چشم میں مبتلا ہو اور اس کی بینائی کمزور ہو رہی ہو، آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو تو ایسی صورت میں

اکتالیس مرتبہ یہ سورہ مبارک پڑھ کر پانی پر دم کرے اور آنکھوں پر لگائے جو پانی بچ جائے اس کو یقین و عقیدت کے ساتھ پی لے تو انشاءاللہ سات دنوں کے اندر ہی اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کی بدولت اپنے اسم مبارک کی برکت سے شفا عطا فرمائے گا۔ آنکھوں کی جملہ تکالیف دور فرما کر اس کی بینائی میں اضافہ فرما دے گا۔ اس عمل کو معمول بنا لینے سے کبھی بھی بینائی میں کمی واقع نہیں ہوتی اور امراض چشم سے بچاؤ رہتا ہے۔

اس سورہ مبارک کو بکثرت باوضو حالت میں پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی ہر جائز مراد کو قبولیت کا شرف بخشتا ہے اور اسے اپنے خصوصی انعامات سے نوازتا ہے۔

کشف کے لئے

ہر نماز کے بعد ۳ مرتبہ اس سورہ پاک کا یکسوئی سے ذکر کرنے سے اللہ تعالیٰ صاحب کشف کے مرتبہ سے سرفراز فرماتا ہے۔ دین و دنیا میں اس کے لیے بھلائی کے سامان پیدا فرماتا ہے۔

اگر کوئی گھریلو قسم کی پریشانیوں میں مبتلا ہو اور سخت ذہنی دباؤ کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین

مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ۴ مرتبہ اس سورہ مبارک کو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پی لے۔ انشااللہ تعالٰی چند یوم میں ہی اس کی پریشانی راحت میں بدل جائے گی اور اسے سکون قلبی نصیب ہو گا۔

مالی پریشانیوں کو دور کرنے کے لیے بھی یہ عمل انتہائی کارگر ثابت ہوا ہے۔

عزت و تکریم کے لئے

اس سورہ پاک کا ورد کرنے والا شخص مخلوق خدا کی نظروں میں عزت و تکریم پاتا ہے۔ شرف آفتاب میں انگشتری پر کندہ کروا کر پہننے سے لوگ تعظیم کرتے ہیں۔ خیروبرکت حاصل ہوتی ہے۔ غربت' افلاس' تنگی دور ہو جاتی ہے۔

اگر کسی کی بیوی تنگ دل ہو' گھر کے کاموں میں توجہ نہ دیتی ہو' عزت نہ کرتی ہو' ہر وقت لڑائی جھگڑا کرتی ہو تو متواتر سات دن تک سات مرتبہ سورہ یاسین کو پڑھ کر دم کریں۔ انشااللہ مثالی بیوی کے روپ میں سامنے آئے گی۔

ہر روز نماز عشا کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھے تو سینہ نور سے منور ہو جائے۔

امراض پیٹ سے نجات

جس کے پیٹ میں درد رہتا ہو تو پانی پر سات بار پڑھ کر دم کرے اور پی جائے۔ پیٹ درد دور ہو جائے گا۔

جذام کا خاتمہ

جذام کے مریض کو بھی ہر روز دم کر کے پانی پلانا مرض میں افاقے کا باعث بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سورہ پاک کی برکت سے شفائے کاملہ عطا فرماتا ہے۔

عوامی مقبولیت کے لئے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو اور لوگوں کی نظروں میں اس کی عزت ہو تو وہ جب بھی باوضو ہو تو اس سورہ پاک کا ورد کرتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دنوں میں اس کے اثرت دیکھے گا۔ لوگوں کی نظروں میں ہر دلعزیز ہو جائے گا۔